★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 12 | ہفتہ 20 ذیقعد 1444ء 10 جون 2023ء 27 جیٹھ 2080ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 278

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

تنخواہوں پنشن میں اضافے کی منظوری

آئی ایم ایف معاہدہ میں کوئی رکاوٹ نہیں، وزیراعظم

آئی ایم ایف کی ایم ڈی سے ایک گھنٹے بات ہوئی، آئی ایم ایف کی تمام شرائط کو من وعن تسلیم، رکاوٹوں کو دور کر دیا گیا، سٹاف لیول معاہدہ کیلئے آئی ایم ایف بورڈ سے منظوری لی جائیگی

سیلاب سے 30 ارب کا نقصان ہوا، جب ہم نے اقتدار سنبھالا تو معیشت کا گزشتہ حکومت نے جنازہ نکال دیا تھا، ہاتھ تھامنے پر دوست ممالک کے مشکور ہیں، کابینہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ عوام کو درپیش مشکلات کا احساس ہے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ کیا جائے گا، برآمدات، آئی ٹی اور زراعت کے شعبوں پر توجہ دے کر اکانومی آگے بڑھائیں گے۔ وفاقی کابینہ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کیلئے 9 کھرب 50 ارب کا بجٹ مختص

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ نے بتایا کہ اگلے سال پبلک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

ملکی دفاع کیلئے 18 کھرب 4 ارب روپے رکھے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ نے بتایا کہ ملکی دفاع کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

شرح نمو 3.5، افراط زر شرح 21 فیصد تک ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسحاق ڈار نے بجٹ تقریر میں بتایا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

صحافیوں اور فنکاروں کیلئے ہیلتھ انشورنس کارڈ کا اجرا کیا جا رہا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ نے بتایا کہ صحافیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

145 کھرب کا بجٹ قومی اسمبلی میں پیش

پنشن بجٹ ہوئیں اضافہ، ڈالر کا دودھ مہنگے

برانڈڈ ٹیکسٹائل پر ٹیکس عائد، رائس مل کی مشینری اور مشین کے آلات کیلئے خام مال پر کسٹم ڈیوٹی کی چھوٹ، نئے ٹیکسز لگانے سے گریز کیا گیا، زرعی ٹیوب ویلز شمسی توانائی پر منتقل کرنے کیلئے 30 ارب روپے مختص کرنیکی تجویز، اشیا کی درآمد پر ود ہولڈنگ ٹیکس میں اضافہ

روزگار کے مواقع بڑھائے جائیں اور کاروبار میں آسانیاں لائی جائیں، آئی ایم ایف پروگرام کے نویں جائزے کی تمام شرائط کو پورا کر لیا ہے، باقاعدگی سے مذاکرات جاری ہیں، ہماری ہر ممکن کوشش ہے جلد ایس ایل اے پر دستخط ہوں اور نواں جائزہ مکمل ہو جائے، وزیر خزانہ

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ اسحٰق ڈار نے آئندہ مالی سال 2023-24 کا 145 کھرب کا بجٹ قومی اسمبلی میں پیش کر دیا جس میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 1150 ارب روپے، ملکی دفاع کیلئے 1804 ارب روپے مختص، سول انتظامیہ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

للہ جہلم دورویہ روڈ کی تعمیر کیلئے وفاقی ترقیاتی گروپرام میں 8.1 ارب روپے مختص

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وفاقی کابینہ نے 1150 ارب کے ترقیاتی پروگرام کی منظوری دیدی

توانائی کے شعبے کیلئے 486 ارب، ٹرانسپورٹ اور کمیونیکیشن کے شعبے کی ترقی کیلئے 263.6 ارب رکھے گئے

انفراسٹرکچر کیلئے 491.3 ارب روپے مختص، آبی ذخائر اور شعبہ آب کو 899.8 ارب روپے ملیں گے: ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ نے 1150 ارب روپے کے وفاقی ترقیاتی پروگرام کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا خصوصی اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے انفراسٹرکچر کیلئے 491.3 ارب روپے مختص کر دیئے، توانائی کے شعبے کیلئے 486 ارب، ٹرانسپورٹ اور کمیونیکیشن کے شعبے کی ترقی کیلئے 263.6 ارب روپے کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وزیر خزانہ اسحاق ڈار وفاقی بجٹ پیش کر رہے ہیں

پانامہ لیکس بینچ کے 2 ججز چیف جسٹس بنے مگر کچھ نہ کیا، سراج الحق

پانامہ لیکس میں 436 پاکستانیوں کا نام تھا افسوس صرف ایک فرد کیخلاف فیصلہ ہوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ پانامہ لیکس بینچ کے 2 ججز چیف جسٹس بنے مگر انہوں نے کچھ نہ کیا، پانامہ لیکس میں 436 پاکستانیوں کا نام تھا، جماعت اسلامی نے اس پر سب سے پہلے کارروائی کی درخواست کی تھی، افسوس صرف ایک فرد کے خلاف فیصلہ ہوا، پانامہ لیکس میں ملوث 435 افراد کے خلاف کچھ بھی نہ ہوا، کرپشن کے ناسور کے خلاف جدوجہد ہر ایک پر لازم ہے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان رہا ہوتے ہی پھر گرفتار

اینٹی کرپشن پولیس کے مقدمے میں بھی علی محمد خان کا نام شامل ہے: پولیس

مردان (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان کو رہائی کے فوری بعد پھر گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق علی محمد خان کو مردان کی انسداد دہشتگردی کی عدالت سے رہائی کے بعد ایک بار پھر گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اینٹی کرپشن پولیس کے مقدمے میں بھی علی محمد خان کا نام شامل ہیں۔ تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان کی گرفتاری پانچویں مرتبہ عمل میں لائی گئی ہے، انہیں گزشتہ روز پشاور جیل سے رہائی کے بعد مردان پولیس نے گرفتار کیا تھا۔

پاکستان میں اتنا خراب اقتصادی سروے پہلے کبھی نہیں آیا: شیخ رشید

زراعت، صنعت، سرمایہ کاری میں شدید کمی، زرمبادلہ ذخائر 4 ارب ڈالر سے کم ہیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ پاکستان میں اس سے خراب اقتصادی سروے پہلے کبھی نہیں آیا، حکومت تمام معاشی اہداف حاصل کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ زراعت، صنعت، سرمایہ کاری میں شدید کمی، کرنٹ اکیسپورٹ 12 فیصد، ترسیلات 13 فیصد اور زرمبادلہ کے ذخائر 4 ارب ڈالر سے بھی کم ہیں، آئی ایم ایف کی تمام شرائط قبول (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

یاسمین راشد کی درخواست ضمانت پر سماعت 12 جون تک ملتوی

عدالت آج مقدمہ میں ملوث ملزمان کی ضمانتوں کی درخواست پر تاریخ دے: پراسیکیوشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشتگردی عدالت نے تھانہ شادمان حملہ کیس میں پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت 34 ملزمان کی بعد ازگرفتاری کی درخواست ضمانت پر سماعت 12 جون تک ملتوی کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج اعجاز احمد بٹر نے یاسمین راشد و دیگر 34 ملزمان کی درخواست ضمانت پر سماعت کی، پراسیکیوشن نے عدالت کو بتایا کہ تفتیشی افسر اسلام آباد میں ہیں اور کیس کا ریکارڈ اس کے پاس ہے، عدالت آج مقدمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

5 ای فریم ورک معاشی ترقی کا گیم چینجر ثابت ہوگا، مریم اورنگزیب

ایکسپورٹس ای پاکستان واٹر اینڈ فوڈ سکیورٹی، انوائرمنٹ، انرجی اور ایکو ٹیٹ ٹرن آراؤنڈ پاکستان کے ستون ہیں، فری ورک سے برآمدات میں اضافہ ہوگا

جی ڈی پی کے لحاظ سے فسکل خسارے کا 4.9 فیصد سے کم ہو کر 6.4 فیصد پر آنا بڑی کامیابی، 6210 ارب روپے ٹیکس ریونیوز جمع ہوئے، ٹویٹر پر پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ 5 ای فریم ورک پاکستان میں معاشی ترقی کا گیم چینجر ثابت ہوگا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک بیان میں وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایکسپورٹس ای پاکستان واٹر اینڈ فوڈ سکیورٹی، انوائرمنٹ، انرجی اور ایکو ٹیٹ ٹرن آراؤنڈ پاکستان کے ستون ہیں، اس فریم ورک کے ذریعے برآمدات میں اضافے کے لئے نئے کاروبار، روزگار کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت کے فروغ اور آبادی پر کنٹرول سے پاکستان کی ترقی کی راہ ہموار ہوگی، سستی اور بلا تعطل توانائی کی فراہمی سے معیشت و کاروبار میں نئی تیزی آئے گی، آبی ذخائر اور غذائی تحفظ کے ذریعے ماحول بہتر بنایا جائے گا۔ وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے مزید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

پہلی بار بجٹ میں صحافیوں کیلئے ہیلتھ انشورنس کی رقم مختص کی گئی: مریم اورنگزیب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پہلی بار بجٹ میں صحافیوں کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

ملک کا مجموعی قومی قرضہ 54 ہزار ارب تک پہنچ گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک کا مجموعی قومی قرضہ 54 ہزار ارب تک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

پاکستان کا دشمن ثناء اللہ غفاری افغانستان میں ہلاک

اسلام آباد/کابل (بیورو رپورٹ) پاکستان کا دشمن دہشت گرد ثناء اللہ غفاری عرف شہاب المہاجر افغانستان کے شہر کنڑ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: وزیراعظم نذیر تارڑ مختلف بارز کے وکلاء کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھرتیاں کیس: اینٹی کرپشن کو جواب جمع کروانے کی آخری مہلت

ریکارڈ پیش نہیں کیا عدالت ڈی جی اینٹی کرپشن کے وارنٹ جاری کرے: وکیل

ریکارڈ پیش کریں ورنہ ڈی جی اینٹی کرپشن کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیتا ہوں: جج

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کیخلاف درج غیر قانونی بھرتیوں کے کیس میں عدالت نے اینٹی کرپشن کو مقدمہ کا ریکارڈ جمع کروانے کی آخری مہلت دے دی۔ اینٹی کرپشن کورٹ کے پیشکل جج علی رضا نے پرویز الٰہی اور شریک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

9 مئی واقعات، شرپسندوں کی گرفتاری کا حکم

مشکل میں پولیس کو ہمیشہ حوصلہ دیا، محسن نقوی

تمام ضروری وسائل بروئے کار لا کر مفرور شرپسندوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، آخری شرپسند کی گرفتاری تک تعاقب جاری رکھا جائے: نگران وزیراعلیٰ

ایلیٹ فورس پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت، آئی جی کی وزیراعلیٰ کو گرفتاری، تفتیش مقدمات پر بریفنگ، پولیس سکیورٹی بہتر بنا رہی، محسن نقوی کا خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے 9 مئی کے واقعات میں ملوث مفرور شرپسندوں کی فوری گرفتاری یقینی بنانے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت 9 مئی واقعات کے حوالے سے خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں 9 مئی کے واقعات میں ملوث شرپسندوں کے خلاف قانونی کارروائیوں کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں شرپسندوں کے خلاف پراسیکیوشن کے عمل پر پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شرپسندوں کی گرفتاریوں، تفتیش اور مقدمات پر ہونے والی پیش رفت کے بارے میں وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی، بریفنگ کے دوران اجلاس کو بتایا گیا کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث مزید 1163 شرپسندوں کا ڈیٹا بیس مل گیا ہے، سائنٹیفک انداز سے شرپسندوں کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

لکی مروت: شہید کانسٹیبل ذکریا کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

عراق میں پاکستانی سفارتخانے کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھ دیا ہے، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور وزیر مملکت فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ عراق میں پاکستانی سفارتخانے کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھ دیا ہے، زائرین کے مسائل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

رواں سال اب تک ڈھائی ہزار سے زائد کشمیری گرفتار

سرینگر (مانیٹرنگ ڈیسک) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں، پیرا ملٹری فورسز، پولیس اور بدنام زمانہ تحقیقاتی اداروں نے رواں سال اب تک مقبوضہ علاقے میں کل جماعتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

تحفظات دور: بی اے پی کا بجٹ اجلاس میں شرکت کا فیصلہ

وزیراعظم سے چیئرمین سینیٹ کی قیادت میں بلوچستان عوامی پارٹی وید کی ملاقات

بلوچستان عوامی پارٹی حکومت کی اہم اتحادی، ہر فیصلے میں اہم کردار ہے: شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے بجٹ پر بلوچستان عوامی پارٹی کے تحفظات دور کر دیے جس کے بعد بی اے پی نے بجٹ اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بلوچستان عوامی پارٹی کے وفد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

چیئرمین نیب کی پی اے سی طلبی کیخلاف نیب درخواست سماعت کیلئے مقرر

21 جون کو ملازمین کی بحالی، تنزلی کے کیسز ہیں درخواست کو الگ سنا جائے: رافع مقصود

آپ کی درخواست کو 21 جون کو الگ سن لیں گے: چیف جسٹس ہائیکورٹ کے ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین نیب کی پی اے سی طلبی کیخلاف نیب کی متفرق درخواست 21 جون کو سماعت کیلئے مقرر کر دی گئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں قائم مقام چیئرمین نیب کی چیئرمین پی اے سی کی طرف سے طلبی کو چیلنج کرنے کے کیس کی سماعت ہوئی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

لاہور: نوجوان گرمی کی شدت کم کرنے کے لئے نہر میں نہا رہے ہیں

9 مئی واقعات، تحقیقات اوورسیز پاکستانیز تک بڑھانے کا فیصلہ

ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث 500 سے زائد اوورسیز کی شناخت کر لی گئی

مجرمان کی حوالگی کیلئے رابطہ کیا جائیگا، فوجداری کارروائی کی جائے گی: ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پاکستان نے 9 مئی کے واقعات کی تحقیقات کو تارکین وطن پاکستانیوں تک بڑھانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث 500 سے زائد اوورسیز پاکستانیوں کی شناخت کر لی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں کی کال ریکارڈ، سوشل میڈیا سرگرمی، ٹریول ہسٹری، مالیاتی لین دین، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

آئی پی پی قائد جہانگیر ترین آج برطانیہ جائینگے

اپنا طبی معائنہ کرائیں اور تقریباً ایک ہفتہ برطانیہ میں قیام کریں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کے قائد جہانگیر ترین آج رات برطانیہ جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق جہانگیر ترین برطانیہ میں اپنا معمول کا طبی معائنہ کرائیں گے، جہانگیر ترین تقریباً ایک ہفتہ برطانیہ میں قیام کریں گے۔ استحکام پاکستان پارٹی کے قائد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

آصف زرداری سمیت دیگر افراد کیخلاف 4 ریفرنسز نیب کو واپس

نیب قانون میں ترمیم کے بعد یہ ریفرنسز عدالت کے دائرہ اختیار میں نہیں: فاروق نائیک

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) احتساب عدالت نے سابق صدر آصف زرداری اور دیگر ملزمان کے خلاف جعلی اکاؤنٹس کیسز کی سماعت کے دوران 4 ریفرنسز نیب کو واپس بھجوا دیئے۔ احتساب عدالت میں پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری و دیگر ملزمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

خدیجہ شاہ سمیت 13 پی ٹی آئی خواتین کارکنان کو جیل بھجوانے کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے جناح ہاؤس حملہ کیس میں خدیجہ شاہ سمیت 13 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

پانامہ پیپرز تحقیقات کیلئے دائر درخواست پر سماعت ایک ماہ کیلئے ملتوی

اس وقت یہ معاملہ آپ کی استدعا پر ڈی لنک کیا گیا؟ جج کا جے آئی کے وکیل سے مکالمہ

آپ نے اس بنچ کے سامنے کیوں نہیں کہا اس کو ساتھ سنیں، جسٹس سردار طارق کے ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں پانامہ پیپرز میں 436 پاکستانیوں کیخلاف تحقیقات کیلئے دائر درخواست کی سماعت ایک ماہ کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ دوران سماعت جسٹس سردار طارق نے جماعت اسلامی کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ اس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

سمندری طوفان ''بائپر جوائے'' کا پاکستان کی جانب رخ مڑ گیا

طوفان کون سے ملک کے ساحلی علاقوں پر اثر انداز ہوگا یہ کہنا قبل از وقت ہوگا

سمندری طوفان کراچی کے جنوب سے 1120 کلومیٹر دور ہے: سردار سرفراز

کراچی (بیورو رپورٹ) سمندری طوفان 'بائپر جوائے' کا رخ تبدیل ہو کر پاکستان اور بھارت کے ساحلی علاقوں کی جانب ہوگیا۔ چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز کا کہنا ہے کہ جنوب مشرق بحیرہ عرب میں موجود سمندری طوفان بائپر جوائے نے رخ تبدیل کر لیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

کورونا وائرس کا ایک کیس رپورٹ ہوا، مثبت کیسز کی شرح 0.05 فیصد ہوگئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کا ایک کیس رپورٹ ہوا اور 7 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ جمعہ کو این آئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

حکومت کا بجٹ کیسا؟ اہم قوانین بھی متعارف کرانے کا فیصلہ

غیر ملکی کرنسی کی ذخیرہ اندوزی پر قید اور جرمانے کی سزا کیلئے قانون سازی ہوگی، نئے قوانین کا اطلاق غیر ملکی کرنسی ذخیرہ کرنے پر ہوگا

بیرون ملک سے آنے والے ایک سال کے دوران ایک لاکھ ڈالر تک ساتھ لا سکیں گے ان لوگوں نے آمدن کا ذریعہ نہیں پوچھا جائیگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں فنانس بل کے ذریعے اہم قوانین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

سپریم کورٹ میں پریکٹس کرنے کے لائسنس جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں پریکٹس کرنے کے لائسنس جاری کر دیئے گئے، پاکستان بار کونسل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

شمالی وزیرستان میں بارودی سرنگ کا دھماکا، نوعمر لڑکا جاں بحق

شمالی وزیرستان (مانیٹرنگ ڈیسک) ضلع شمالی وزیرستان میں بارودی سرنگ کا دھماکا ہوا ہے۔ دھماکے کے نتیجے میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

آلودگی پھیلانے پر فیکٹریاں پہلے سیل، خلاف ورزی پر مسمار کرنیکا حکم

جس علاقہ میں آلودگی ہو وہاں کے ماحولیاتی آفیسر کیخلاف کارروائی کی جائے

ہائیکورٹ نے شہر میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ نے آلودگی پھیلانے والی فیکٹریوں کو پہلے سیل اور خلاف ورزی پر مسمار کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائی کورٹ میں سموگ کے تدارک اور ماحولیاتی آلودگی کیخلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

شیخ رشید کے گھر پر پولیس چھاپے کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

شیخ رشید کے وکیل سردار عبدالرزاق پیش ہوئے، تحریر جواب جمع کروا دیا گیا

شیخ رشید ریلی میں نہیں تھے اور نامعلوم افراد میں شیخ رشید کو نامزد کیا گیا: وکیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید کے گھر پر پولیس چھاپے کیخلاف ایس ایچ او تھانہ کوہسار پر مقدمہ درج کرنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں شیخ رشید کے گھر پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

لاہور: ایل ڈی اے کا عملہ فیصل ٹاؤن میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کر رہا ہے

وطن واپسی کی تاریخ نواز شریف دینگے کوئی اور نہیں دے سکتا

رانا ثناء اللہ

میری ذاتی رائے ہے کہ ن لیگ کو کسی سے انتخابی اتحاد نہیں کرنا چاہیے، سیٹ ایڈجسٹمنٹ ہو سکتی ہے، آپشن ہمیں اوپن رکھنی چاہئے

انتخابات میں پارٹی کو لیڈ کرنے کی درخواست میاں صاحب نے قبول کر لی، انتخابات سے 60 تا 90 روز قبل وطن واپس آئیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

کراچی، میئر اور ڈپٹی میئر کا انتخاب 15 جون کو ہوگا

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں میئر اور ڈپٹی میئر کے انتخاب کا شیڈول جاری کر دیا گیا، 15 جون کو انتخاب کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

خدیجہ شاہ سمیت 13 پی ٹی آئی خواتین کارکنان کو جیل بھجوانے کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے جناح ہاؤس حملہ کیس میں خدیجہ شاہ سمیت 13 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

وفاقی بجٹ تنخواہ کم از کم 32 ہزار مقرر کرنیکی منظوری

وفاقی کابینہ نے گریڈ ایک سے 16 کے سرکاری ملازمین کیلئے تنخواہ میں 35 فیصد اضافے کی منظوری دی ہے: ذرائع

پنشنرز کی پنشن میں ساڑھے 17 فیصد اضافے کی منظوری دی گئی، وزیراعظم نے کم سے کم تنخواہ میں مزید 2 ہزار کا اضافہ کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ نے تنخواہوں اور پنشن میں اضافے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے گریڈ ایک سے 16 کے سرکاری ملازمین کے لیے تنخواہ میں 35 فیصد اضافے کی منظوری دی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گریڈ 17 سے اوپر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

لاہور: پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ اور ندیم افضل چن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز حافظ میاں محمد نعمان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کیا گیا: ترجمان لیسکو

لاہور (خبر نگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز حافظ میاں محمد نعمان نے پی پی 172 کے عوامی نمائندگان سے ملاقات کی۔ اس اجلاس میں سابق رکن اسمبلی میاں مرغوب احمد نے خصوصی شرکت کی۔ پی پی 172 کے عوامی نمائندگان نے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز کو علاقوں کے بجلی سے متعلق مسائل کے حوالے سے آگاہ کیا۔ لیسکو کی جانب سے چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر، کمپنی سیکرٹری اویس یاسین، چیف انجینئر آپریشن ویسٹ راجہ محمود، چیف انجینئر آپریشنز ایسٹ سرور مغل، ایکسین سمن آباد ڈویژن فیاض تالپور نے شرکت کی۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز حافظ میاں محمد نعمان نے عوامی نمائندوں کو یقین دہانی کرواتے ہوئے اقسران کو ہدایات جاری کیں کہ شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بتایا کہ صارفین تک بلا تعطل بجلی کی فراہمی کے لئے سسٹم کی اپ گریڈیشن کی جارہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ ڈسٹری بیوشن سسٹم میں نئے ٹرانسفارمرز بھی نصب کئے جارہے ہیں تاکہ اوورلوڈنگ اور وولٹیج کی کمی جیسے مسائل کا خاتمہ کیا جاسکے۔

آئندہ پاکستان کی اسمبلیاں عمرانی فتنے سے پاک ہوں گی، سلیم رضا

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) اسیر رہا ئی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات مہر بی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ آئندہ پاکستان کی اسمبلیاں عمرانی فتنے سے پاک ہوں گی، میاں نواز شریف جلد واپس آ رہے ہیں (ن) لیگ انہیں کی قیادت میں انتخابات میں حصہ لے گی، پی ٹی آئی کی سیاست انجام کو پہنچ چکی، عام انتخابات میں عوام پی ٹی آئی کو ہمیشہ کیلئے الوداع کر دیگی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ ملکی ترقی اور سلامتی کی ضامن جماعت ہے اور عام انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف کی قیادت میں ہم نے عزم کے ساتھ ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے عمل پیرا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف اور عمران خان کے کئی۔ چہرے ہیں اور ان کا چہرہ پھر بھیانک ہے، عوام اپنے بنیادی حقوق اور مادر وطن کے روشن مستقبل کیلئے آئندہ انے انتخابات میں تحریک انصاف کی بجائے مسلم لیگ (ن) کو ووٹ دیں۔

جناح ہاؤس کے پر تشدد واقعات، ایک اور شرپسند کی شناخت، شرمناک اعتراف بھی منظر عام پر

لاہور (سٹاف رپورٹر) جناح ہاؤس کے پر تشدد واقعات میں ملوث ایک اور شرپسند کی شناخت ہوئی ہے اور اس کے شرمناک اعتراف بھی منظر عام پر آگئے ہیں، شرپسند ارشم جمیل لاہور کا رہائشی اور پاکستان تحریک انصاف لاہور کا متحرک کارکن ہے۔ ارشم جمیل نے سانحہ نومئی کے جلوس میں اعلیٰ عسکری قیادت کے افسران کا نام لے کر ان کی برزہ سرائی کی، شرپسند نے پاک فوج کے خلاف شدید نعرہ بازی کی اور لوگوں کو اکسایا کہ فوجی تنصیبات پر حملہ آور ہوئے۔

محبت رسول انسان کیلئے قدرت کا ایک عظیم عطیہ ہے، متحدہ علماء کونسل

ہر ایک مسلمان اپنے کردار کے لحاظ سے محبت رسول کا اشتہار ہوتا ہے، مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی پبلک سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم نے کہا ہے کہ محبت رسول انسان کیلئے قدرت کا ایک عظیم عطیہ ہے، اسلام میں کلمہ پڑھنے کا مطلب یہی ہے کہ اپنی پوری زندگی کو رسول اللہ کی پوری زندگی پر ڈھالنے کی کوشش کی جائے، ہر ایک مسلمان اپنے کردار کے لحاظ سے محبت رسول اللہ کی اشتہار ہوتا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ محبت رسول اللہ کی انسان کو حقیقی معنوں میں انسان بناتی ہے، انسان کو اپنے اندر کی حیوانیت کو ختم کرنے کیلئے محبت رسول اللہ کی ضرورت ہے، محبت رسول اللہ ہی انسان کو حقیقی معنوں میں انسان بناتی ہے، آج دنیا میں جو بھی فساد ہے اس کی وجہ انسان کا اپنے اندر کی حیوانیت کو ختم نہ کرنا ہے، انسان کو اپنے اندر کی حیوانیت کو ختم کرنے کیلئے محبت رسول اللہ کی ضرورت ہے، محبت رسول اللہ ہی انسان کو حقیقی معنوں میں انسان بناتی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور(3)10 جون 2023

ڈینگی روک تھام اقدامات وقت کی ضرورت ڈی سی نارووال

محکمہ صحت کے افسران ڈینگی کی سرویلنس کے لئے روزانہ کی بنیاد پر ہاٹ سپاٹس کا وزٹ کریں، ٹیمیں احساس ذمہ داری اور قومی جذبہ کے ساتھ کام کریں: اجلاس سے خطاب

ڈپٹی کمشنر محمد اشرف ڈینگی کی روک تھام کے لئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شکرگڑھ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر محمد اشرف نے کہا ہے کہ ڈینگی کو روک تھام کے لئے ترجیحی بنیادوں پر عملی اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔افسران ڈینگی سرویلنس پر پوری توجہ دیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں ڈینگی کے تدارک بارے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر نوید حیدر، ڈی ایچ او محمد طارق کے علاوہ ڈی ڈی کالجز عاصم عتیق، ڈی ڈی زراعت تنویر احمد تتلہ، ڈائریکٹر دی ایجوکیٹرز انوار الحق چوہدری اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر نارووال نے اجلاس میں ڈینگی ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایات جاری کی کہ ڈینگی کے تدارک کے لیے ہاٹ سپاٹس کی کوریج اور سرویلنس کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ صحت کے افسران ڈینگی کی سرویلنس کے لئے روزانہ کی بنیاد پر ہاٹ سپاٹس کا وزٹ کریں اور ڈینگی کے خاتمہ کے لئے ان ڈور اور آوٹ ڈور ٹیمیں احساس ذمہ داری اور قومی جذبہ کے ساتھ کام کریں۔اے ڈی سی آر نارووال نے مزید کہا کہ ڈینگی کے خاتمے کے لیے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر نوید حیدر اور ڈی او ہیلتھ ڈاکٹر/فوکل پرسن محمد طارق نے ڈپٹی کمشنر نارووال کو ڈینگی کے خاتمہ کے لئے کیے گئے اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ کے دوران بتایا کہ رواں ہفتے کے دوران ڈینگی سرویلنس کے حوالے سے محکمہ صحت کی 414 انڈورٹیوں کی طرف سے 63ہزار 508 جبکہ 4 7آوٹ ڈورٹیوں کی طرف سے 13ہزار 376 وزٹ کیے گئے جبکہ 1473 ہاٹ سپاٹ بھی سو فیصد چیک کیے گئے۔فوکل پرسن نے بتایا کہ ڈینگی سرویلنس کے حوالے سے مختلف مقامات پر 89 نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔

جھنگ: صبح 5 بجے سے دن 2 بجے تک بجلی کی سپلائی معطل

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 5 بجے سے دن 2 بجے تک 13,11 جون کو اچھل امامل اشاری فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

جھنگ: ایس ایچ او احمد پور سیال کی مبینہ آڈیو لیک کا معاملہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او احمد پور سیال کی مبینہ آڈیو لیک کا معاملہ، ڈی پی او ملک طارق محبوب نے معطل کر کے لائن حاضر کر دیا، ایس پی انوسٹی گیشن کو معاملہ کی انکوائری کا حکم، تفصیلات کے مطابق تھانہ احمد پور سیال کے ایس ایچ او ثناء اللہ کی مبینہ آڈیو وائرل ہوئی جس میں وہ ایک شہری کے ساتھ مبینہ طور پر سخت گوئی اور بداخلاقی پر مشتمل گفتگو کر رہا ہے، جس پر ڈی پی او ملک طارق محبوب نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او احمد پور سیال شاہ اللہ کو فوری طور پر معطل کر کے لائن حاضر کر دیا، ڈی پی او نے ایس پی انوسٹی گیشن کو معاملہ کی انکوائری کا حکم دیا۔

منڈی صادق گنج: آر ایچ سی کے طبی آلات تمام تر خراب ادویات ختم

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) آر ایچ سی کے طبی آلات تمام تر خراب ادویات ختم غریب شہری علاج کی سہولت سے پوری طرح محروم سی او ہیلتھ کے دورے بھی بہتری نہ لا سکے شہر اور سو کے قریب دیہاتوں کو علاج و معالجے کی سرکاری سہولت فراہم کرنے والا ادارہ رورل ہیلتھ کمپلیکس منڈی صادق گنج شہریوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکا ہے ہسپتال میں موجود ایکسرے مشین ای سی جی مشین اور دیگر طبی آلات عرصہ دراز سے خراب پڑے ہیں۔

بابا پیر سائیں خوشے شاہ سرکار کا سالانہ عرس کی تین روزہ تقریبات شروع

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) بابا پیر سائیں خوشے شاہ سرکار کا سالانہ عرس کی تین روزہ تقریبات شروع، دس جون کو چادر پوشی و محفل سماع، شام پانچ بجے کبڈی مقابلہ ہوگا، گیارہ جون کو سہرا بندی و دعائے خیر کی جائے گی، تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد کے نواحی علاقے پکی حویلی میں بابا پیر سائیں خوشے شاہ سرکار کے سالانہ عرس کی تین روزہ تقریبات کا آغاز گدی نشین بابا رحمت علی نوشاہی قادری کی زیر صدارت آغاز کر دیا گیا، تین روزہ تقریبات کا آغاز جشن چراغاں سے کیا گیا، دس جون کو چادر پوشی و محفل سماع ہوگی، شام پانچ بجے لاہور اور قصور کی ٹیموں کے درمیان کبڈی کا مقابلہ ہو گا، گیارہ جون کو سہرا بندی و دعائے خیر کی جائے گی، عرس کی تین روزہ تقریبات میں ملک محمد اقبال چیئرمین سپریم کونسل پریس کلب مصطفیٰ آباد، چوہدری خادم حسین طور امیدوار برائے چیئرمین یونین کونسل دفتہ، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ، بابا کرامت علی نوشاہی قادری، حاجی اسحاق انصاری، حاجی اللہ دتہ انصاری، فقیر حسین، بابا طارق جلالی، قاسم، عدیل احمد، آصف، محمد عرفان، رفاقت علی، اقبال مانی، وقاص، عادل قادری، شہباز و دیگر بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

ننکانہ صاحب: ای رجسٹریشن کا آغاز، شہری خود اپلائی کر سکتے ہیں

ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر سہولیات میں جدت اور رجسٹری میں آسانی کے لیے ضلع ننکانہ صاحب میں ای رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے، ای رجسٹریشن سسٹم سے شہری خود اپلائی کر کے موقع پر رجسٹری حاصل کر سکتے ہیں۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب میاں رفیق احسن نے یہ بات ای رجسٹریشن سسٹم کے آغاز کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے اس موقع پر بتایا کہ ای رجسٹریشن سسٹم کے آغاز سے اب شہری گھر بیٹھے آن لائن اپلائی کر کے رجسٹری برانچ جا کر موقع پر اپنی رجسٹری حاصل کر سکیں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر پتوکی رانا امجد محمود کا سبزی و پھل منڈی کا دورہ

قصور (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر پتوکی رانا امجد محمود کا سبزی و پھل منڈی کا دورہ، پھلوں و سبزیوں کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لیا۔اسسٹنٹ کمشنر پتوکی رانا امجد محمود کا سبزی و پھل منڈی کا دورہ، پھلوں و سبزیوں کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر تحصیل پتوکی رانا امجد محمود نے صبح سویرے سبزی و فروٹ منڈی کا دورہ کیا۔انہوں نے منڈی میں صفائی ستھرائی، مارکیٹ کمیٹی عملے کی حاضری، دوکانوں پر ریٹ لسٹوں کی موجودگی سمیت دیگر معاملات کا جائزہ لیا۔انہوں نے اپنی نگرانی میں پھلوں اور سبزیوں کی بولی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ منڈی میں خریداری کیلئے آنیوالے شہریوں سے مختلف اشیاء کی قیمتوں کے بارے میں بھی دریافت کیا۔

ریاست وافواجِ پاکستان کیخلاف بیانیہ ملک دشمنی پر مبنی ہے: محمد حسان صدیقی

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) ریاست وافواج پاکستان کیخلاف بیانیہ ملک دشمنی پر مبنی ہے وطن عزیز کی سالمیت و استحکام اور دفاعی اداروں کی مضبوطی سے مشروط ہے محراب و منبر سے علماء و مشائخ ملکی آئین و قانون کی بالادستی اور افواج پاکستان کی حمایت کی آواز بلند کرتے رہیں گے ان خیالات کا اظہار خطیب و مہتمم مرکز توحید و سنت جامعہ ریاض الجنہ نوجوان مذہبی سکالر چیئرمین متحدہ علماء فورم صاحبزادہ علامہ محمد حسان صدیقی نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اور کہا کہ اسلام کی تعلیمات اخلاقیات اور معاشرتی اقدار کی تلقین کرتی ہیں سانحہ 9 مئی جیسے واقعات ملک کے ازلی دشمنوں کی خوشی کا ذریعہ بنے ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

انسانی جسم میں ہڈیوں کی نشوونما اور مضبوطی کیلئے وٹامن ڈی اہم کردار ادا کرتا ہے: ڈاکٹر شاہد سہیل

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے سابق سرجن ڈاکٹر شاہد سہیل نے کہا ہے کہ انسانی جسم میں ہڈیوں کی نشوونما اور مضبوطی کیلئے وٹامن ڈی اہم کردار ادا کرتا ہے غذا کے ساتھ سورج کی روشنی بھی اسکے حصول کا بڑا ذریعہ ہے، کیلشیم اور وٹامن ڈی میں خاص تعلق ہے انکا مرکب خصوصاً ہڈیوں میں نئے خلیے بننے کے عمل میں نہایت مفید ثابت ہوتے ہیں گزشتہ روز نجی تنظیم کے زیر اہتمام منعقدہ فری میڈیکل کیمپ کے موقع پر اخبار نویسوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کیلشیم اور وٹامن ڈی کے قدرتی عمل سے ہی انسانی جسم، جوڑ اور پٹھے اپنے افعال بہتر طریقے سے انجام دے پاتے ہیں بالخصوص وٹامن ڈی کی بدولت جسم کا مدافعتی اور ہڈیوں کا نظام مضبوط رہتا ہے تاہم غیر متوازن خوراک ہمارے جسم میں وٹامن ڈی کی کمی کا باعث بن رہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ وٹامن ڈی کی ضرورت صرف معمول کی غذاؤں سے پوری نہیں ہوسکتی اسکے لئے انسانی جسم کو سورج کی روشنی میں وقت گزارنا چاہئے کیونکہ دھوپ میں ہمارا جسم تیزی سے وٹامن ڈی تیار کرتا ہے۔

فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی اپنے مسکنوں پر موجودگی قانون کا تقاضا ہے، ڈی پی او جھنگ

کسی قسم کی قانون شکنی پر فوری گرفتاریاں ہوں گی فوری مقدمات درج ہوں گے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او ملک طارق محبوب نے کہا ہے کہ نیکٹا کی اپ ڈیٹ لسٹ میں شامل کالعدم تنظیمیں اور ان کی ذیلی ادارے عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے سمیت کسی قسم کی کوئی سرگرمی نہیں کر سکیں گے، فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی اپنے مسکنوں پر موجودگی قانون کا تقاضا ہے، نیشنل ایکشن پروگرام اپنے مکمل قانونی سپرٹ کے ساتھ فعال ہے، کسی قسم کی قانون شکنی پر فوری گرفتاریاں ہوں گے فوری مقدمات درج ہوں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں معاشرتی امن کے قیام و استحکام اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں ضلع بھر کے پولیس افسران نے شرکت کی، ڈی پی او ملک طارق محبوب نے کالعدم تنظیموں اور فورتھ شیڈول میں شامل افراد کے بارے میں قانون واضح اور دوٹوک ہے، جس طرح عیدالفطر کے موقع پر ریاستی ادارے نیکٹا نے کالعدم تنظیموں اور ان کے ذیلی اداروں کی اپ ڈیٹ لسٹ جاری کی جسے تھانوں کی سطح تک بھجوایا گیا جس کے تحت قانونی تقاضوں کے پیش نظر کسی بھی کالعدم تنظیم یا اس کے ذیلی ادارے کو کسی قسم کا چندہ، عطیہ یا فطرانہ اکٹھا نہیں کرنے دیا گیا۔

9 مئی کا سانحہ ملک دشمن سازشوں کا تسلسل ہے: شیخ گلزار احمد

قوم کے لیے پاکستانی مفادات اور قومی یادگاریں آخری حد (ریڈ لائن) ہیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما شیخ گلزار احمد نے کہا ہے کہ 9 مئی کا سانحہ ملک دشمن سازشوں کا تسلسل ہے۔ راولپنڈی جی ایچ کیو، جناح ہاؤس لاہور، ریڈیو پاکستان (پشاور) اور میانوالی میں ایم ایم عالم کے جہاز کی بے توقیری نے قوم کے دلوں پر پر جو زخم لگائے ہیں، وہ زخم تا دیر تکلیف دیتے رہیں گے۔ قوم کے لیے پاکستانی مفادات اور قومی یادگاریں آخری حد (ریڈ لائن) ہیں۔ پی ٹی آئی کے سیاسی قائدین کو اتحاد اور یکجہتی کے لیے اپنے حامیوں کو پر امن رہنے کا درس دینا چاہیے تھا، مگر سیاست کے لالچ اور اقتدار کے خمار میں وہ اپنی ذمہ داری پوری نہ کر سکے۔ ان خیالات کا اظہار وہ گذشتہ دنوں جلسہ عام سے خطاب کے دوران کر رہے تھے۔ شیخ گلزار احمد کا کہنا تھا کہ نو مئی کے واقعات پاکستان دشمن قوتوں کی سازش کا تسلسل ہیں۔ آج بھی عالمی سامراج کے لیے پاکستانی استحکام اور پاکستان کا جوہری پروگرام ان کے ناپاک اداروں کی تکمیل میں رکاوٹ ہے، جبکہ پاکستان کی بے مثل دو بے مثال فوج 24 کروڑ شہریوں کی محافظ و نگہبان ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی عوام، جو شیلے سیاست دانوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اتحاد اور اتفاق کا دامن تھام کر ملک پاکستان کی خیر خواہی چاہیں اور کسی بھی دشمن کے آلہ کار نہ بنیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے فرمان کی روشنی صبح قیامت تک یہ پیغام حق دیتی رہے گی۔

گجرات کے مختلف تھانہ جات میں بطور اے ایس آئی سجاد احمد تعینات

سجاد احمد چیمہ کی تعیناتی سے جرائم پیشہ عناصر نے یا تو اپنا قبلہ درست کر لیا

گجرات (ابوزر عمر قوت بیورو) انچارج چوکی شادمان سجاد احمد چیمہ کا شمار پنجاب پولیس کے نڈر بے باک کرائم فائٹر آفیسرز میں ہوتا ہے، گجرات کے مختلف تھانہ جات میں بطور اے ایس آئی تعیناتی کے دوران جرائم پیشہ افراد کی خوب اینٹ سے اینٹ بجائی اور اپنے کارناموں کے خوب جھنڈے گاڑے اپنے محکمے کا سر فخر سے بلند کیا، سجاد احمد چیمہ کی تعیناتی سے جرائم پیشہ عناصر نے یا تو اپنا قبلہ درست کر لیا یا وہ علاقہ چھوڑنے پر مجبور ہو گئے، جرائم کا حقیقی معنوں میں سدباب کر کے اعلیٰ افسران کے سامنے سرخرو ہو کر محکمہ کا سر فخر سے بلند کیا، انکی مختلف تھانہ جات میں تعیناتیاں اور ان گنت عمدہ کارکردگی نے عوام کے دلوں میں راج کیا، سجاد احمد چیمہ کا شمار پنجاب پولیس کے بہترین افسران میں ہوتا ہے، انکا کہنا ہے کہ نفرت انسان سے نہیں جرم سے ہے، کہ فارمولے پر عمل پیرا ہونے کا حقیقت میں ثبوت دیا اپنی ڈیوٹی کو فرض سمجھ کر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف سخت ایکشن لیئے، سجاد احمد چیمہ کی چوکی شادمان میں بطور انچارج چوکی تعیناتی سے عوام پر امید ہے کہ چوکی شادمان کی حدود میں جرائم کا خاتمہ کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں،

ڈینگی کی روک تھام کے لیے تمام محکمے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد حنیف

وارننگ دینے کے باوجود عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا

نکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) عوام میں ڈینگی سے بچاؤ کے حوالے سے زیادہ سے زیادہ آگاہی فراہم کی جائے، وارننگ دینے کے باوجود عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد حنیف نے ان خیالات کا اظہار ڈینگی تدارک اور اس کی روک تھام کے حوالے سے منعقدہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن احسن فرید، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر کامران واجد، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ننکانہ راؤ انوار، ڈی آر ٹی اے چوہدری محمد سلیم گھمن سمیت دیگر متعلقہ محکمہ جات کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا اسپورٹس جمنازیم اور ساگر ریسٹ ہاؤس کا دورہ

کھیلوں کی دستیاب سہولیات اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عمر فاروق وڑائچ نے اسپورٹس جمنازیم اور ساگر ریسٹ ہاؤس کا دورہ کیا اور وہاں کھیلوں کی دستیاب سہولیات اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو امتیاز علی بیگ، ڈی او سپورٹس میڈیم نبیلہ جیمہ بھی انکے ہمراہ تھیں۔ڈپٹی کمشنر نے اسپورٹس جمنازیم کے دورہ کے موقع پر وہاں کھلاڑیوں کیلئے دستیاب کھیلوں کی سہولیات اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے ڈی او سپورٹس کو ہدایت کی کہ اسپورٹس جمنازیم کی ضروری مرمت کا کام فوری شروع کروایا جائے۔قبل ازیں ڈپٹی کمشنر نے ساگر ریسٹ ہاؤس کا بھی دورہ کیا اور وہاں حافظ آباد جمخانہ کے قیام کے حوالہ سے سہولیات اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

ڈی پی او کی تھانہ گڑھ مہاراجہ کے باہر غیر روائتی کھلی کچہری شرکاء کو پولیس ستائش سے روک دیا

عوام کے سول معاملات کے فوری حل کے لئے اسسٹنٹ کمشنر کو بھی ساتھ بلا لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کی تھانہ گڑھ مہاراجہ کے باہر غیر روائتی کھلی کچہری، شرکاء کو پولیس ستائش سے روک دیا، عوام کے سول معاملات کے فوری حل کے لئے اسسٹنٹ کمشنر کو بھی ساتھ بلا لیا، تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او ملک طارق محبوب پولیس سے متعلق عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے 24 / 7 پولیسنگ میں مصروف ہیں، گزشتہ روز ڈی پی او ملک طارق محبوب نے تھانہ گڑھ مہاراجہ کے باہر کھلی کچہری لگائی جو کئی حوالوں سے غیر روائتی اور غیر معمولی تھی، ایک تو اس کھلی کچہری میں شرکاء کو پولیس ستائش سے روک دیا گیا جبکہ دوسرا عوام کے سول مسائل کے حل کے لئے ڈی پی او ملک طارق محبوب نے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر عرفان منجرا کو بھی کھلی کچہری میں شرکت کی دعوت دی جس پر وہ کھلی کچہری میں پہنچ گئے، ڈی پی او ملک طارق محبوب کا کہنا تھا کہ پولیس کی جن کھلی کچہریوں میں پولیس کی ستائش ہو وہ نتیجہ خیز نہیں ہوتیں ایسی کھلی کچہریاں عوامی مسائل کے حل کی بجائے اس میں اضافے کا باعث بنتی ہیں، ڈی پی او نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں آکر عوامی مسائل سننے کا مقصد عوام کو سفری صعوبتوں سے بچا کر مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے

دیپالپور بار ممبرز کو نئے جوڈیشل کمپلیکس کا افتتاح مبارک: پیر امجد حسین شاہ سینئر ایڈووکیٹ

اللہ نے چاہا تو کوئی بار ایسوسی ایشن کا ممبر چیمبر سے محروم نہیں رہے گا، نوجوان وکلاء کو پیغام

حجرہ شاہ مقیم (عارف پاشا قوت) دیپالپور بار ایسوسی ایشن کے نجوڈیشل کمپلیکس کا افتتاح تمام وکلاء برادری کو مبارک ہو، سینئر وکیل ہائی کورٹ پیر امجد حسین شاہ نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں نوجوان وکلاء کو کہا کہ جوڈیشل کمپلیکس کے قیام کے لیے کاوش اور کوشش کا یہ سلسلہ میاں شریف ظفر جوئیہ سے شروع ہو کر میاں منظور احمد ریحان کی صدارت کے دورانیہ میں پیپر ورک سے باہر نکل کر عملی صورت میں سامنے آگیا ہے، ہر آنے والے صدر نے اس کار خیر میں حصہ ڈالا ہے کسی نے پیش رفت کی ہے اور کسی نے رول بیک کرنے کی کوشش کی ہے جس نے جو کیا ہے وہ دنیا اور آخرت میں اس کا اجر ضرور پائے گا، دل آزاری اور غیبت سے بچنے کیلئے نام لینا مناسب نہ ہے قیافہ شناس خود ہی تلاش کر لیں گے موجودہ کینٹ نے تو توقع سے بڑھ کر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے اور انھیں چیمبرز کی ضرورت اور دوستوں کے جزبات کا پورا احساس ہے انھوں نے اپنے پیغام میں نوجوان وکلاء کو مخاطب کرتے ہو کہا کہ دھمکیاں نہ دیں بلکہ کینٹ اور سینئرز سے مل بیٹھیں اور اپنے تحفظات اور خدشات ڈسکس کریں جوش کی بجائے ہوش کا مظاہرہ کریں موٹر سائیکل سائیکل لیکر سٹیرنگ لاک کیلئے جھگڑا نہ کریں حکمت اور دانشمندی کا مظاہرہ کریں اللہ تعالیٰ نے چاہا تو کوئی ممبر بار چیمبر سے محروم نہیں رہے گا۔

سیالکوٹ میونسپل کارپوریشن 5 ڈی سی منڈیاں قائم کی جائینگی

18 جون سے لگائی جانیوالے منڈیوں میں قربانی کے جانوروں کی الائشیں ٹھکانے لگانے، ٹریفک مینجمنٹ، سکیورٹی کے حوالے سے منصوبہ بندی کی جائے: عدنان محمود اعوان

سیالکوٹ: ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان عیدالاضحیٰ پر مویشی منڈی کے قیام اور صفائی ستھرائی سمیت دیگر انتظامی امور کا جائزہ لینے کے سلسلہ میں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید بیورو قوت) ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی فروخت کے لئے چاروں تحصیلوں میں 18 جون سے پانچ مویشی منڈیاں قائم کی جائیں گی، ایام عید میں قربانی کے جانوروں کی الائشیں ٹھکانے لگانے، ٹریفک مینجمنٹ، سکیورٹی کے حوالے سے جامع منصوبہ بندی کی جائے، یہ ہدایات انہوں نے انتظامی و لوکل گورنمنٹ افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جاری کیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اقبال، کاشف نواز، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عمر امجد، چیف آفیسرز الفت شہزاد، ملک اعجاز، عبدالحئی بھٹی، فنانس آفیسر محمد عقلین، مینجر آپریشنز ایس ڈبلیو ایم سی آغا داؤد بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے بتایا کہ تحصیل سیالکوٹ میں دو، ڈسکہ، سمبڑیال اور پسرور میں ایک ایک مویشی منڈی لگائی جائے گی جہاں لائیو سٹاک، ہیلتھ، میونسپل کارپوریشن یا کمیٹیوں، پولیس، سول ڈیفنس کے ملازمین ڈیوٹی دینگے، میونسپل کمیٹیاں یقینی بنائیں کہ ان منڈیوں کے علاوہ کسی جگہ جانور فروخت کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی الائشیں اٹھانے کے لئے سیالکوٹ میونسپل کارپوریشن اور ٹریفک پولیس کے ہمراہ مسلم بازار، ٹرنک بازار، اردو بازار، بڈھی بازار اور صرافہ بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف مشترکہ آپریشن۔ ڈی پی او سیالکوٹ کی ہدایات کے مطابق سڑکوں کی کشادگی، ٹریفک کی بلاتعطل روانی اور شہریوں کی سہولت کیلئے بازاروں سے عارضی ناجائز تجاوزات کو ختم کرایا گیا اور دوکانداروں و عارضی قبضہ مافیا کو دوبارہ تجاوزات قائم کرنے کی صورت و خلاف ورزی پر سخت قانونی کاروائی کی وارننگ جاری کی گئی۔واضح رہے کہ مرکزی انجمن تاجراں سیالکوٹ کے مختلف گروپس کو گزشتہ دنوں ڈی۔ پی۔ او آفس میٹنگ روم ملاقات کے دوران ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ محمد حسن اقبال نے واضح کیا تھا کہ وسطی شہر کے تمام بازاروں میں فٹ پاتھ و بازاروں میں اور دوکانوں کے آگے پتھیرا و دیگر تجاوزات کیوجہ ٹریفک ریگولیشن کے مسائل اور سے ہی ہوتی ہے، شادی ہو، میلہ ہو یا کسی قسم کی کوئی تقریب کسی کو کسی بھی قیمت پر ہوائی فائرنگ کی اجازت نہیں دی جاسکتی، ڈی پی او نے کہا کہ اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ جیسی قانون شکنیوں کے "شوقیہ عادی" افراد کی لسٹیں اپ ڈیٹ کی جائیں، جو جس مقام پر اسلحہ کی نمائش کرے یا ہوائی فائرنگ کرے اسے فوری طور پر گرفتار کر کے اس کے خلاف فوری مقدمہ درج کیا جائے، انہوں نے کہا کہ تھانوں کے ایس ایچ اوز، سرکلز کے ایس ڈی پی اوز اس بات کے ذمہ دار ہوں گے کہ ان کے علاقوں میں اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کسی بھی صورت میں نہ ہو، اس حوالے سے پولیس افسران و اہلکاروں کی غفلت اور سستی ناقابل برداشت ہوگی۔

سبزی وفروٹ منڈی کے مرکزی گیٹ کے اطراف تجاوزات کا خاتمہ، اسسٹنٹ کمشنر

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید بیورو قوت) اسسٹنٹ کمشنر/ایڈمنسٹریٹر مارکیٹ کمیٹی غلام سرور کی زیر نگرانی سبزی وفروٹ منڈی کے مرکزی گیٹ کے اطراف تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا ہے، خریداروں کی سہولت کے لئے سبزیوں و پھلوں کی قیمتوں کے لئے مقررہ بورڈ کو روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کرنے کے لئے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایت پر ایڈمنسٹریٹر مارکیٹ کمیٹی نے پارکنگ کے لئے مخصوص جگہ کو بحال کروا دیا ہے اور وہاں صفائی بھی کروا دی گئی ہے جبکہ ٹریفک کے حوالے سے مسائل کے حل کے لئے دو ملازمین کی ڈیوٹی لگا دی گئی ہے۔

ایکسین مانانوالہ رضوان شیخ کی سربراہی میں پورے سرکل میں کرنٹ ریکوری

فیروزوٹواں (نامہ نگار) ایس ای واپڈہ ننکانہ سرکل کی ہدایت کے مطابق ایکسین مانانوالہ رضوان شیخ کی سربراہی میں پورے سرکل میں کرنٹ ریکوری اور ڈیڈ ڈیفالٹر کے ٹارگٹ کو پورا کرنے کے لئے ایس ڈی او سب ڈویژن فیروزوٹواں میاں کاشف محمود کی طرف سے پوری سب ڈویژن کے ہر ایک گاؤں ۔شہر اور قصبوں میں اعلانات کروائے جا رہے ہیں کہ واپڈا صارفین اپنے بقایاجات اور کرنٹ بل مقررہ بل ادائیگی تاریخ سے پہلے پہلے جمع کروا دیں عدم ادائیگی والے بلوں کی ریکوری کے لئے ایس ڈی او فیروزوٹواں میاں کاشف محمود کی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں جو عدم ادائیگی والے کنکشن کاٹ لے گی ایس ڈی او میاں کاشف محمود کی طرف سے سختی سے عوام الناس کو پیغام دیا جا رہا ہے۔

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو رہا نہ کئے جانے کے خلاف احتجاجی ریلی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو رہا نہ کئے جانے کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جس کی قیادت جماعت اسلامی یوتھ پنجاب کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل طاہر کی ہنجرا اور چوہدری امان اللہ چٹھہ نے کی۔ ریلی جماعت کے ضلعی آفس علی پور روڈ سے شروع ہو کر فوارہ چوک پر ختم ہوئی۔اس دوران شرکاء ریلی نے نعرہ بازی کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں شرم کرو حیا کرو قوم کی بیٹی کو رہا کرواؤ۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو رہا نہ کیا جانا حکمرانوں کے منہ پر ایک بہت بڑا تمانچہ ہے۔حکمرانوں کو چاہئے کہ وہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے سلسلہ میں غیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنا تمام تر دباؤ امریکہ اور انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں پر ڈالیں۔شرکاء ریلی سے ملک نعیم اور رانا نعیم نے بھی خطاب کیا۔

توبہ واستغفار کی کثرت انسان کو اللہ کے قریب کر دیتی ہے: چوہدری ضرغام احمد گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) توبہ واستغفار کی کثرت انسان کو اللہ کے قریب کر دیتی ہے ہم نفسانفسی کا شکار ہیں جس کے باعث ہم تباہی و بربادی سمیت مختلف وباؤں اور بیماریوں کا شکار ہیں ہمیں اپنے اعمال کا محاسبہ کرنا چاہیے تاکہ ہم اللہ کا قرب حاصل کر سکیں قرب خداوندی کیلئے سب سے بہترین عمل مخلوق خدا کی خدمت ہے کسی کیلئے آسانیاں پیدا کرنا بہت بڑی نیکی ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری ضرغام احمد گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ اگر ہم دنیا کی خرافات کو چھوڑ کر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت شروع کر دیں تو ہم بہت جلد اللہ کا قرب پالیں گے تمام مسائل کا حل قرآن وسنت میں پوشیدہ ہے مگر افسوس کہ ہم قرآن وسنت سے دور ہو چکے ہیں اگر ہم قرآن وسنت کا دامن تھام لیں تو ہمیں دنیا کی کوئی طاقت شکست نہیں دے سکتی۔

سیالکوٹ میونسپل کارپوریشن اور ٹریفک پولیس کے ہمراہ تجاوزات کے خلاف مشترکہ آپریشن

شہریوں کی سہولت کیلئے بازاروں سے عارضی ناجائز تجاوزات کو ختم کرایا گیا

روزنامہ "قوت" لاہور (4)10 جون 2023

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

نوٹ

ادارہ تمام کالم نیک نیتی پر کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارہ کا متفق ہونا ضرورت نہیں

رواں مالی سال کا اقتصادی سروے اور "میثاقِ معیشت" کی ضرورت

وفاقی وزیرِ خزانہ اسحاق ڈار کی طرف سے گزشتہ روز پیش کیا گیا رواں مالی سال 2022-23ء کا اقتصادی سروے اس حوالے سے ایک چشم کشا دستاویز ہے کہ پاکستان رواں مالی سال کے اپنے مقرر کردہ معاشی اہداف حاصل نہیں کر سکا۔ سب سے بڑھ کر اس بات پر توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ معاشی شرحِ نمو کا ہدف 0.29 فیصد رہا جبکہ توقع یہ ہوف 01.5 فیصد مقرر کر رکھا تھا۔ یہ ہدف کتنا یقینا تشویش ناک ہے۔ اب اسحاق ڈار اگر (جمعہ) کو قومی اسمبلی میں آئندہ مالی سال کا وفاقی میزانیہ پیش کریں گے تو یہ توقع کی جا رہی ہے کہ وہ جاری ہونے والے اس سروے سے بھی کم ہدف پیش کریں گے۔ یہ اسحاق ڈار اگر (جمعہ) کو قومی اسمبلی میں آئندہ مالی سال کا وفاقی میزانیہ پیش کریں گے تو یہ توقع کی جا رہی ہے کہ وہ جاری ہونے والے اس سروے سے بھی کم ہدف پیش کریں گے۔ یہ اسحاق ڈار ہی تھے جو گزشتہ مالی سال کا بجٹ پیش کرتے ہوئے یہ دعویٰ کر رہے تھے کہ وہ معاشی شرحِ نمو کا ہدف 5.3 فیصد مقرر کریں گے۔ یہ ہدف کتنا ناقابلِ یقین تھا، اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ رواں مالی سال کے پہلے 10 مہینوں کے دوران شرحِ نمو 0.29 فیصد رہی جبکہ اس کا ہدف 5.3 فیصد مقرر کیا گیا تھا

قوت

SHOWBIZ

خود کو سکینڈلز سے بچا کر رکھنا بڑا کارنامہ سمجھتا ہوں، غلام محی الدین

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار غلام محی الدین نے شریف کے ساتھ زیادہ وینٹر کیا گیا۔ ندیم کی جوڑی کو کہا ہے کہ فلم انڈسٹری میں سکینڈلز سے بچے رہنا ہی بہت بڑا کارنامہ ہے، میں اپنے پورے کیریئر کے دوران سکینڈلز سے بچنے کی کوشش کرتا رہا ہوں اور اس میں کامیاب بھی رہا۔ انٹرویو میں سینئر اداکار نے کہا کہ میں نے اپنے وقت کی تمام نامور ہیروئنز کے ساتھ کام کیا ہے، میری جوڑی کو بارہ کامیاب رہی۔ ندیم کی جوڑی کو دیکھنے والی رانی کو کہا کہ اگر فلم انڈسٹری میں سکینڈلز کو بہت پسند کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جب فلم انڈسٹری عروج پر تھی تو ہر روز کوئی نہ کوئی سکینڈل سامنے آتا تھا لیکن میں نے خود کو اس وقت بھی اس سے بچا کر رکھا اور میں اسے کسی بڑے کارنامے سے کم نہیں سمجھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آج کل سکینڈل بنتا ہے تو لوگ خوش ہوتے ہیں لیکن ہمارے دور میں اس کو معیوب سمجھا جاتا تھا۔

دین بہت سادہ مگر کچھ لوگوں نے بہت مشکل بنا دیا، ربابی پیرزادہ

لاہور (این این آئی) ٹوبز کو خیر باد کہنے والی رابی پیرزادہ نے کہا کہ ہمارا دین بہت سادہ ہے مگر کچھ لوگوں نے اسے بہت مشکل بنا دیا ہے، اسلام میں ہر قدم پر بھلائی کا سبق دیا گیا ہے اور یہی انسانیت کا فلسفہ ہے۔ ایک انٹرویو میں رابی پیرزادہ نے کہا کہ دین اسلام میں کسی بھی معاملے میں جبر نہیں ہے بلکہ ہمارا دین تو آسانی اور اعتدال پسندی کا درس دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر معاملے میں آسانی اور راحت پیدا کی ہے۔ کچھ حضرات ایسے ہوتے ہیں جس سے ایسا لگتا ہے کہ ہمارا دین بہت مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے رب کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں گے تو دنیا اور آخرت دونوں میں فلاح پائیں گے اور یہی اصل کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری اچھل سے کہ صاحب ثروت لوگ یا جنہیں خدا کی ذات نے کچھ مسائل دے رکھے ہیں وہ عقید پوش اور مستحق لوگوں کو ڈھونڈ کر ان کی مدد کریں۔

ورسٹائل اداکار جمیل فخری کو مداحوں سے بچھڑے 12 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) اداکاری میں کمال مہارت رکھنے والے ورسٹائل اداکار جمیل فخری کو مداحوں سے بچھڑے 12 برس بیت گئے۔ فن کی دنیا کا فخر اور ورسٹائل اداکار جمیل فخری 1946ء میں لاہور میں پیدا ہوئے، اپنے فنی سفر کا آغاز تھیٹر سے کیا، مرتے دم تک لوگوں میں خوشیاں بانٹتے رہے اور جاندار مکالموں سے کردار کو امر کرنے والے جمیل فخری کو ڈرامہ انڈسٹری میں منفرد مقام حاصل تھا۔ جمیل فخری کو پی ٹی وی کی مایہ ناز ڈرامہ سیریز ''انوہر اجالا'' نے شہرت کی بلندیوں پر پہنچا دیا، انوہر اجالا میں پولیس انسپکٹر جعفر حسین کے کردار نے انہیں امر کر دیا، اداکار نے 50 سے زائد فلموں اور ان گنت ڈراموں میں کام کیا، ''دلدل''، ''تانے بانے''، ''وارث''، ''بندش''، ''ایک محبت سو افسانے'' میں ان کے کردار سپر ہٹ رہے۔ جمیل فخری 6 1981ء میں فلم ''یہ زمانہ اور ہے'' میں بہترین مزاحیہ اداکاری پر نگار ایوارڈ سے نوازا گیا۔

شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کی گیارہویں برسی 13 جون کو منائی جائے گی

لطیف صادق آباد (این این آئی) شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کی گیارہویں برسی 13 جون کو منائی جائے گی۔ کلاسیکل موسیقی کے خاندان سے تعلق رکھنے والے استاد مہدی حسن 18 جولائی 1927ء کو بھارتی ریاست راجستھان میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے 1957ء میں کراچی میں ریڈیو پاکستان سے باقاعدہ گلوکاری کا آغاز کیا۔ انیس سو ساٹھ میں فلم فرنگی کے گیت گلوں میں رنگ بھرے بادِ نوبہار، چلے بھی حسن کی پہلی مشہور غزل تھی۔ مہدی حسن کے چاہنے والے نہ صرف پاکستان اور بھارت بلکہ ساری دنیا میں موجود ہیں۔ اور جہاں غزل گائی اور سنی جاتی ہے، وہاں مہدی حسن کی مدھر آواز کا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے۔ ان کا گیت اک حسن کی دیوی مجھے پیار ہوا تھا اتنا مشہور ہوا کہ یہ گیت آج بھی مہدی حسن کے سب سے زیادہ مشہور گانوں میں شمار ہوتا ہے۔ مہدی حسن نے اپنی زندگی میں بھی ہزارے زائد فلمی گیت اور غزل گائیں۔

ٹی وی چینلز نے عید الاضحیٰ کی مناسبت سے ریکارڈ ڈنگز کا سلسلہ شروع کر دیا

لاہور (این این آئی) پی ٹی وی اور نجی ٹی وی چینلز نے عید الاضحیٰ کی مناسبت سے پروگراموں کی ریکارڈنگز کا سلسلہ شروع کر دیا۔ ہر سال کی طرح امسال بھی پی ٹی وی اور نجی ٹی وی چینلز کی جانب سے عید الاضحیٰ کے تین روز نشر کرنے کے لئے مختلف شوز کی ریکارڈنگز کا سلسلہ جاری ہے جس میں ملک کے نامور اداکاروں، گلوکاروں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ نمایاں شخصیات کو مدعو کیا جا رہا ہے۔ عید الفطر کے تین روز لائیو شوز بھی پیش کئے جائیں گے۔

سینڈل ڈل کی کاسٹ کی سسریا میں بھارتی صدر سے ملاقات

بلاوڈ (این این آئی) بھارتی صدر دروپدی مرمو نے سریا میں دروپ دھون، ساتھیا پراجوا اور سینڈل اڈیا کے دیگر ٹیم ارکان سے ملاقات کی۔ بالی ووڈ کے نوجوان اداکار دروپ دھون نے انسٹاگرام پر بھارتی صدر کے ساتھ کی گئی تصویر شیئر کی ہے۔ تصویر میں سینڈل کا پوسٹر لہراتے ہوئے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ اس میں اداکار کے ساتھ ساتھ بھارتی کرکٹر جسپریت بمراہ بھی نظر آ رہے ہیں۔ اداکار نے تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ ''ایک محبت سو افسانے'' میں ان کے کردار سپر ہٹ رہے۔ جمیل فخری 6 1981ء میں فلم ''یہ زمانہ اور ہے'' میں بہترین مزاحیہ اداکاری پر نگار ایوارڈ سے نوازا گیا۔

میری کامیابی میں سب سے بڑا کردار میری والدہ کا ہے، ہما علی

لاہور (شوبز رپورٹر) خوبرو اداکارہ ہما علی نے کہا ہے کہ میری کامیابی میں سب سے بڑا کردار میری والدہ کا ہے، انہوں نے ہر موقع پر میری رہنمائی کی اور مجھے شوبز کی اونچ نیچ سے آگاہ کیا۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ آپ زندگی کے کسی بھی شعبے میں ہوں ماں اور باپ کی سپورٹ کے بغیر آپ کامیابی حاصل نہیں کر سکتے، میں بھی اپنی کامیابیوں کا کریڈٹ دونوں کو دیتی ہوں۔ میری ماں آج دنیا میں موجود نہیں ہے اور اگر وہ آج زندہ ہوتیں تو میری کامیابیوں پر سب سے زیادہ خوش ہوتیں۔ ہما علی نے کہا کہ میں اپنے والد ممتاز ملک کا بھی خصوصی طور پر ذکر کرنا چاہوں گی جنہوں نے مجھے ہر جگہ سپورٹ دی اور یہی وجہ ہے کہ آج میں بطور اداکارہ اپنے نام بنانے کے ساتھ پروڈیوسر بھی فرائض سرانجام دے رہی ہوں۔

شادی کے بعد عورت مرد کی زندگی میں سدھار لاتی ہے، شاہد کپور

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار شاہد کپور کا کہنا ہے کہ شادی کے بعد عورت مرد کی زندگی میں سدھار لاتی ہے۔ اداکار شاہد کپور نے بھارتی میڈیا کو دیے گئے ایک انٹرویو میں شادی کے موضوع پر بات کی جس میں ان کا کہنا تھا کہ پوری شادی ایک ہی چیز پر منحصر ہے کہ مرد شادی سے پہلے کیا ہے ترتیب ہوتا ہے اور شادی کے بعد عورت اس میں سدھار لاتی ہے تو پوری زندگی ایسی ہی چلتی ہے اور یوں ایک مرد مہذب شخص بن جاتا ہے۔ تاہم اداکار کے مداحوں کو یہ بات پسند نہیں آئی اور انہیں مداحوں کی جانب سے اس بیان پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ واضح رہے اداکار شاہد کپور نے میرا انتخاب سے 2015ء میں شادی کی تھی اور ان کے دو بچے بھی ہیں۔



سارہ علی خان کی کھلاڑی کو ڈیٹ کرنے پر لب کشائی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ سارہ علی خان نے ہاکر بھارتی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی کو ڈیٹ کرنے کے حوالے سے لب کشائی کر دی۔ گزشتہ کئی عرصے سے بھارتی میڈیا سمیت سوشل میڈیا پر خبریں گردش تھیں کہ شاید بھارتی کرکٹر شبمن گل اداکارہ سارہ علی خان کے ساتھ کسی رشتے میں ہیں اور دونوں ایک دوسرے کو ڈیٹ کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے تو اداکارہ کی جانب سے کوئی تصدیق یا تردید سامنے نہیں آئی لیکن شبمن گل نے اس پر کچھ واضح طور پر کہا ہے اپنی فلم ''درامبت کے ذرائع سے'' کی تشہیری مہم کے دوران ایک انٹرویو میں اداکارہ سے اس حوالے سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ بھی اپنی دادی شرمیلا ٹیگور کے نقش قدم پر چلتے ہوئے کسی کرکٹر سے شادی کرنے کی خواہش مند ہیں؟ جواب میں اداکارہ نے کہا کہ ''میں ابھی کسی ایسے شخص کو نہیں جانتی جو مجھے سمجھے اور مجھے سمجھنے کی کوشش کرے۔ مستقبل کے بارے میں کون جانتا ہے، ہو سکتا ہے کہ کل میں کسی ایسے شخص کو ڈیٹ کر رہی ہوں جو مجھے سمجھتا ہو اور میرا ساتھ دیتا ہو۔ میں ابھی اپنی زندگی میں بہت خوش ہوں اور مطمئن ہوں۔ میں ابھی کسی ایسے شخص کو نہیں جانتی جو میرے ساتھ چلے اور میں اس کے ساتھ پوری زندگی گزار سکوں۔ واضح رہے کہ شبمن گل کے ساتھ بھارتی میڈیا پر سارہ کرکٹر کین مٹنڈ بلکر کی بیٹی ہونے کے ناتے بھی خوب گردش کرتی رہی ہیں۔

مستقبل کے بارے میں صرف خدا کی ذات کو پتہ ہوتا ہے، وینا ملک

لاہور (این این آئی) ماورا اداکارہ وینا میزبان اور اداکارہ نے کہا ہے کہ مستقبل کے بارے میں صرف خدا کی ذات کو پتہ ہوتا ہے، آج کل ایک فنی کی دنیا کو چھوڑا نہیں ہے، آج کل ایک فنی کی خسارہ ہی خسارہ نظر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں دعا گو ہوں کہ میرا مستقبل بہتر ہو اور اس کے لئے ہر وقت خدا کی ذات سے دعائیں کرتی ہوں۔ وینا ملک نے کہا کہ شوبز انڈسٹری کو چھوڑا نہیں جا سکتا ہے، میں اپنے ماضی کی دہرا نہیں چاہتی کیونکہ میں دبی پر شوبز میزبانی کر رہی ہوں، اگر مجھے کسی فلم میں اچھا کردار ملا تو ضرور اس کا جائزہ لوں گی۔

قوت

SPORTS

لاہور: یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام انٹر سپورٹس کمپلیکس کے پنجاب میڈیم میں پہلی چنگ گیمز 2023 کے تیسرے روز کرکٹ کے میچ کا منظر

یونیورسٹی آف لاہور نے آرچری پنک گیمز کا ٹائٹل جیت لیا

لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی اور یونیورسٹی آف لاہور کی ٹیمیں باسکٹ بال کے فائنل میں پہنچ گئیں

پہلے سیمی فائنل میں لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی نے کنیئرڈ کالج یونیورسٹی کو 48-62 سے شکست دی

دوسرے سیمی فائنل میں یونیورسٹی آف لاہور نے پنجاب یونیورسٹی کو 30-33 سے شکست دی

800 میٹر ریس میں پنجاب یونیورسٹی کی سنیہا مصور کا میاب رہیں، 4x100 میٹر ریس پنجاب یونیورسٹی نے جیت لی

کرکٹ میچ میں یو ایم ٹی نے فاطمہ جناح میڈیکل کالج یونیورسٹی (ایف جے ایم یو) کو 6 رنز سے شکست دیدی

ٹیبل ٹینس کے کوارٹر فائنل میں پنجاب یونیورسٹی، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی اور یونیورسٹی آف لاہور کا میاب

ذی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف خٹیل کی یونیورسٹی آف لاہور ٹیم کو آرچری کا ٹائٹل جیتنے پر مبارکباد دی تھیں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) نگہت شہباز نے مریم جاوید کو 21-6 اور 21-9 سے ہرایا، پہلے ڈبل میں حفصہ شہباز اور نگہت نے مریم نعیل اور فائزہ قمبر کو 3-21، 21-2 سے ہرایا، دوسرے سنگل میں سارہ تنظیم نے مریم نعیل کو 21-10 اور 21-15 سے ہرایا، دوسرے ڈبل میں حفصہ شہباز اور نگہت دی، ویٹرنز کے تیسرے مقابلے میں یونیورسٹی آف لاہور نے یونیورسٹی آف وٹرنری اینڈ اینمل سائنسز کو 3-0 سے شکست دی، پہلے سنگل میں زیب اعظم نے فاطمہ فاطر کو 21-10 اور 21-12 سے ہرایا، پہلے ڈبل میں خدیجہ اور فریال نے فاطمہ اور عروج کو 21-6 اور 21-8 سے ہرایا، دوسرے سنگل میں خدیجہ نے عروج کو 21-12 اور 21-15 سے شکست دی، ویٹرنز کے تیسرے مقابلے میں یونیورسٹی آف لاہور نے کنیئرڈ کالج یونیورسٹی کو 3-0 سے شکست دی، پہلے سنگل میں مقدس لیاقت نے خدیجہ فاطمہ کو 11-7، 21-10 اور 21-12 سے ہرایا، پہلے ڈبل میں مقدس لیاقت اور ماریہ نے خدیجہ فاطمہ جاسم کو 18-21، 21-14 اور 21-9 سے ہرایا، دوسرے سنگل میں ماریہ نے خدیجہ جاسم کو 14-21، 21-14 اور 21-9 سے شکست دی

لاہور: یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام انٹر سپورٹس کمپلیکس میں پہلی چنگ گیمز کے تیسرے روز ٹیبل ٹینس میچ کا منظر

ہربھجن سنگھ نے پاکستانیوں کے دل جیت لیے

ہربھجن کو ویڈیو میں معذور پاکستانی مداح کو آٹوگراف دیتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، رپورٹ

لندن (لاہور (این این آئی) سابق بھارتی اسپنر ہربھجن سنگھ نے اوول میں آسٹریلیا اور بھارت کے درمیان ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2023ء کے فائنل کے دوران اپنے حسن سلوک سے پاکستانیوں کے دل جیت لیے۔ ہربھجن سنگھ کی لندن کے اوول کرکٹ گراؤنڈ سے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے، اس ویڈیو میں انہیں وہاں موجود ایک معذور پاکستانی مداح کو آٹوگراف دیتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس وائرل ویڈیو کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بہت پسند کیا جانے لگا اور بھارتی کرکٹر کے حسن اخلاق پر ان کی خوب تعریفیں بھی کی گئیں۔ واضح رہے کہ ہربھجن سنگھ نے 103 ٹیسٹ، 236 ایک روزہ اور 28 ٹی ٹوئنٹی میچز میں بین الاقوامی سطح پر بھارت کی نمائندگی کی ہے، انہوں نے 103 ٹیسٹ میچز میں ٹوٹل 417، 236 ایک روزہ میچز میں ٹوٹل 269، 28 ٹی ٹوئنٹی میچز میں ٹوٹل 25 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے بحیثیت کرکٹر کے کیریئر میں ٹوٹل 1417 وکٹیں لیں جس میں سے 95 وکٹیں آسٹریلیا کے خلاف حاصل کی تھیں۔

فٹبال کا بخار، فیفا ویمن ورلڈ کپ کے 10 لاکھ سے زائد ٹکٹ فروخت

فیفا ویمن ورلڈ کپ کے آغاز سے قبل ہی فٹبال کے شائقین نے 10 لاکھ سے زائد ٹکٹس خرید لیے

سڈنی/ آکلینڈ (این این آئی) آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ میں منعقد ہونے والے فیفا ویمن ورلڈ کپ کے آغاز سے قبل ہی فٹبال کے شائقین نے 10 لاکھ سے زائد ٹکٹس خرید لیے۔ فیفا کے صدر جانی انفانٹینو نے فوٹو اینڈ ویڈیو کانفرنس کے انسٹاگرام پر اپلوڈ کیے گئے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ''ہم نے ریکارڈ فروخت کے اکتشاف کیے ہیں کہ ٹکٹس کی فروخت کے اس ستارہ اور شائد سے پتہ چلتا ہے کہ ویمن ورلڈ کپ میں تاریخی جوش و خروش دیکھنے کو ملے گا جو کچھ پیچھے تمام ریکارڈز توڑ دے گا۔ 2023ء کا ایڈیشن پہلا ویمنز ورلڈ کپ ہوگا جس کی مشترکہ میزبانی دو ممالک کریں گے اور اس میں 32 ٹیموں کے ساتھ ایک وسیع فارمیٹ بھی ہے۔ فیفا کے اس ستارہ اور شائد سے پتہ چلتا ہے کہ ویمن ورلڈ کپ میں تاریخی جوش و خروش دیکھنے کو ملے گا جو کچھ پیچھے تمام ریکارڈز توڑ دے گا۔ 2023ء کا ایڈیشن پہلا ویمنز ورلڈ کپ ہوگا جس کی مشترکہ میزبانی دو ممالک کریں گے اور اس میں 32 ٹیموں کے ساتھ ایک وسیع فارمیٹ بھی ہے۔ فیفا کے صدر جانی انفانٹینو نے ٹکٹس کی فروخت

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ایس ایم تنویر کی زیر صدارت ٹاسک فورس برائے زراعت کا دوسرا اجلاس، زرعی پیداوار بڑھانے کے لئے متعدد پروگراموں کی اصولی منظوری

گیز راعت معیشت کا اہم شعبہ، زرعی سیکٹر میں سرمایہ کاری بڑھانا وقت کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر صنعت وتجارت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صنعت و تجارت وتوانائی ایس ایم تنویر کی زیر صدارت ٹاسک فورس برائے زراعت کا دوسرا اجلاس سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ ہوا۔ جس میں چیف سیکریٹری، سیکرٹری زراعت، سپیشل سیکرٹری زراعت، محکمہ زراعت کے اعلیٰ حکام اور زرعی ماہرین نے شرکت کی، اجلاس میں فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے لئے متعدد پروگرام شروع کرنے کی اصولی منظوری دی گئی، زمینوں کی زرخیزی بڑھانے کے لئے سائل ہیلتھ پروگرام شروع کیا جائے گا، پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو رعایتی نرخوں پر جپسم فراہم کی جائے گی، کسانوں کو زرعی آلات رعایتی نرخوں پر فراہم کئے جائیں گے۔ کھالوں کو پختہ کیا جائے گا اور سمال ڈیمز بنائے جائیں گے، تھل کی آبادکاری اور نئے ایریاز زیر کاشت لائے جائیں گے، گرین سائلوز اور کولڈ چین ڈیولپمنٹ پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ کپاس، گندم، گنا، سویا بین، آئل سیڈ اور دالوں کی پیداوار بڑھانے کے لئے خصوصی اقدامات کئے جائیں گے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت وتوانائی ایس ایم تنویر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبہ معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور اس سیکٹر میں سرمایہ کاری بڑھانا وقت کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ پنجاب کی نگران حکومت زراعت کے فروغ کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی وزیر نے زراعت کے حوالے سے بجٹ تجاویز اور پروگرامز کو حتمی شکل دینے کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی، یہ کمیٹی آئندہ چند روز میں پروگراموں اور تجاویز کو حتمی شکل دے گی۔

بحران سے نکلنے کیلئے عوام دوست بجٹ بنایا جائے: اعجاز چوہدری

بزنس کمیونٹی کو ریلیف اور سبسڈیز ملنے سے کاروبار پروان چڑھ سکیں گے



لاہور (کامرس رپورٹر) انجمن آڑھتیاں مرکزی سبزی منڈی بادامی باغ کے صدر اعجاز چوہدری نے کہا ہے ملک کو معاشی بحران سے نکالنے اور اطمینان بخش کاروباری حالات فراہم کرنے کیلئے عوام دوست بجٹ بنایا جائے۔ سنگین معاشی بحران سے نکلنے کا واحد حل عوام کی مہنگائی سے آزادی ہے۔ سازگار کاروباری فضا میں ہی ملکی ترقی کی راہیں کھل سکتی ہیں۔ بزنس کمیونٹی کو ریلیف اور سبسڈیز ملنے سے کاروبار پروان چڑھ سکیں گے۔ حکومت کاروباری صنعتی معاشی سرگرمیوں پر بھاری ٹیکس کی شرح میں کمی لے کر آئے۔ معاشی اور کاروباری امور بحران کی دلدل سے باہر نکل کر ہی مثبت نتائج مرتب کر سکیں گے۔ کاروبار بازار مارکیٹیں تاجر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ آڑھتی برادری کو قومی امید ہے ملک میں خوشحالی تعمیر وترقی کے سنہرے دور کا آغاز ضرور ہوگا۔

کاروباری بحران تشویشناک، حل عوام دوست بجٹ: فیصل مجاہد

حکومت کاروباری صنعتی معاشی سرگرمیوں پر بھاری ٹیکس کی شرح میں کمی کرے

لاہور (کامرس رپورٹر) صدر آل آئرن سٹیل مرچنٹ ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) لاہور فیصل مجاہد نے کہا ہے ملک میں کاروباری بحران کی تشویشناک صورت حال کا واحد حل عوام دوست بجٹ ہے۔ ملک میں معاشی بحران سے کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہیں۔ بزنس کمیونٹی پر ٹیکسوں میں کمی کی جائے تاکہ کاروبار چل سکیں۔ حکومت کاروباری صنعتی معاشی سرگرمیوں پر بھاری ٹیکس کی شرح میں کمی کرکے حالات سازگار بنائے۔ تاجر بازار مارکیٹیں اقتصادی سرگرمیاں امپورٹ ایکسپورٹ کے بڑھتے حجم سازگار حالات ہی ملک میں طاقتور اور موثر معاشی حالات کی نوید ثابت ہوسکتے ہیں۔ معاشی اور کاروباری مسائل کے گردش زدہ حالات میں کاروباری شعبہ ہائے زندگی کو بحران کی دلدل سے باہر نکالنے کی پالیسیاں بنائی جائیں۔ صنعت و تجارت کی خوشحالی ہی کامیاب معیشت کی مضبوط بنیاد بن سکتی ہے۔

شام میں پاکستان کے سفیر نے پاکستان چائنا جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (PCJCCI) کا دورہ کیا

لاہور (خبر نگار) شام میں پاکستان کے سفیر ایئر مارشل (ر) شاہد اختر نے جمعرات کو پاکستان چائنا جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (PCJCCI) کا دورہ کیا تاکہ شام، پاکستان اور چین کے درمیان سہ فریقی تعلقات پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ اجلاس میں پی سی جے سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین اور پاکستان اور چین کے کئی اعلیٰ کاروباری رہنماؤں نے شرکت کی۔ کرنل انجینئر پی سی جے سی آئی کے قائم مقام صدر ایم اشرف رانا نے کہا کہ پاکستان، شام اور چین تین برادر ممالک ہیں اور وہ بہت سے شعبوں میں ایک دوسرے کی معیشت کی تکمیل کر سکتے ہیں، اس لیے انہیں باہمی طور پر فائدہ مند نتائج کے حصول کے لیے تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان، شام اور چین کے درمیان سہ فریقی تجارت نہ ہونے کے برابر ہے جسے دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان کاروباری روابط کو فروغ دے کر بہتر کیا جا سکتا ہے۔ شام میں پاکستان کے سفیر ایئر مارشل (ر) شاہد اختر نے اپنے خیالات کا تبادلہ کرتے ہوئے کہا کہ شام اور پاکستان کے درمیان اچھے سیاسی تعلقات ہیں جنہیں باہمی اقتصادی فوائد کے حصول کے لیے بڑھتے ہوئے تجارتی تعلقات میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔

وفاقی بجٹ کاروبار، ایس ایم ایز، زراعت اور آئی ٹی دوست ہے: لاہور چیمبر

لاہور (خبر نگار) لاہور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے وفاقی بجٹ کو کاروبار، ایس ایم ایز، زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی دوست قرار دیا ہے۔ وفاقی بجٹ تقریر کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ وفاقی بجٹ میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مختلف تجاویز کو بجٹ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر ظفر محمود چوہدری اور نائب صدر عدنان خالد بٹ نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر نے ملک میں غیر ملکی کرنسی لانے کی حد میں اضافے کی تجویز دی تھی جسے منظور کرتے ہوئے یہ حد بڑھا کر ایک لاکھ ڈالر کر دی گئی ہے جو اس سے قبل پچاس لاکھ روپے تھی۔ اس سے زرمبادلہ کی کمی کے مسئلے پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ حکومت نے ٹائرون کے تحت ایریا والی شق کو ختم کر دیا ہے جو لاہور چیمبر کا مطالبہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی شعبے پر کوئی نیا ٹیکس نہ لگانے کا فیصلہ خوش آئند ہے، یہ بھی لاہور چیمبر کا مطالبہ تھا کہ موجودہ حالات میں انڈسٹری پر کوئی ٹیکس نہ لگایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سولر پینلز کے لیے مشینری پر ڈیوٹی ختم کرنا خوش آئند ہے۔

منڈی صادق گنج {گندم 4400 چکی پر آٹا 4800 سرکاری آٹے کا کوٹہ کم

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) گندم 4400 چکی پر آٹا 4800 سرکاری آٹے کا کوٹہ کم سرکاری آٹا پوائنٹ پر علی الصبح سے لمبی لائنیں سرکاری آٹے کے کوٹے میں فوری اضافے کا مطالبہ ہر گزرتے دن کے ساتھ گندم کی قیمت میں اضافہ جاری ہے گزشتہ روز گندم کی قیمت 4400 روپے من تک جا پہنچی جس کے ساتھ ہی آٹا چکیوں پر آٹے کا ریٹ 4800 روپے من ہوگیا شہریوں کا کہنا ہے کہ گندم کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث آٹا کی خرید بھی عام شہری کی قوت خرید سے باہر ہوتی جارہی ہے اصلح شہر اور دیہاتوں سے آئی خواتین بچوں اور مردوں کی لائنیں لگ جاتی ہے۔

بزنس کمیونٹی بجٹ میں ریلیف کی منتظر ہے: عرفان مغل

قوم امید رکھتی ہے اسحاق ڈار عوام دوست بجٹ لے کر آئیں گے

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور بزنس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری عرفان مغل نے کہا ہے بزنس کمیونٹی نئے مالی سال کے بجٹ میں ریلیف کی منتظر ہے۔ قوم امید رکھتی ہے وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار عوام دوست بجٹ لے کر آئیں گے۔ تجارت وصنعت کیلئے لازم و ملزوم پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں ریلیف دیا جائے۔ معاشی بحران اور مہنگائی سے پیدا ہونے والے غیر یقینی کے حالات کو ختم کرنے کی پالیسیز بنائی جائیں۔ حکومت ملک میں کاروبار زندگی کے پہیے کے رواں رکھنے کی پالیسیز بنائے۔ حکومت کے تاجروں بازاروں اور مارکیٹوں کیلئے ٹھوس مثبت فیصلے ہی مسائل کا پائیدار حل ثابت ہوسکتے ہیں۔ ملک وقوم کو خوشحالی کی طرف لایا جائے تاکہ سازگار سماجی حالات کا قیام یقینی بن سکے۔

سیاسی عدم استحکام نے معیشت کو خطرات لاحق کردیئے: صفدر بٹ

اپوزیشن پر طاقت کا استعمال جمہوری سیاسی حکومتیں کبھی نہیں کرتیں: میڈیا ٹاک

لاہور (کامرس رپورٹر) صدر لبرٹی مارکیٹ بورڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن صفدر علی بٹ نے کہا ہے سیاسی عدم استحکام کی فضا نے ملکی معاشی استحکام کو شدید خطرات لاحق کردیئے ہیں۔ اپوزیشن پر طاقت کا استعمال جمہوری سیاسی حکومتیں کبھی نہیں کرتیں۔ حکومت وسعت قلبی کے ساتھ مسائل اور بحران حل کرتی ہے۔ مگر حکومتی پالیسیز دن رات ملکی سیاسی معاشی مسائل اور مشکلات میں اضافہ کر رہی ہیں۔ ملک میں پائیدار خوشحالی اور ترقی کی راہیں کھولنے کیلئے ہر طوفان جبر اور ظلم کا مقابلہ کرنے کیلئے قوم تیار ہے۔ مفاد پرست اور موقع پرست سیاست دان یاد رکھیں اس بار عوام باشعور ہے۔ 22 کروڑ غیور عوام ڈٹ کر کھڑے ہوکر کرپٹ اشرافیہ سے اپنے حقوق کا استحصال بند کروائیں گے۔ مستحکم خوشحال ترقی یافتہ پاکستان ہی ملکی بقا اور سالمیت کی راہیں کھولے گا۔

ڈپٹی کمشنر ضلع بہاول نگر نے اشیا صرف کی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا

چشتیاں (خالد رحمانی سے) ڈپٹی کمشنر ضلع بہاول نگر نے اشیا صرف کی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ اس نوٹیفکیشن میں درج قیمتوں سے زائد قیمت وصول کی گئی تو شکائیت کی صورت میں سختی سے نمٹا جائیگا ڈپٹی کمشنر کا دوکانداروں کو انتباہ۔ جس چیز پر عمل نہیں کروا سکتے وہ نوٹیفکیشن کیوں جاری کیئے جاتے ہیں۔؟ عوامی و سماجی حلقوں کا ردعمل۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ضلع بہاول نگر نے اشیا صرف اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء کے قیمتوں کا تعین کرتے ہوا ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔

پسند کی شادی کرنے پر سالے نے فائرنگ کرکے بہنوئی کو موت کے گھاٹ اتار دیا

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ۔قوت) پسند کی شادی کرنے پر سالے نے فائرنگ کرکے بہنوئی کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ مقتول نے چند ماہ قبل پسند کی شادی کی تھی۔ تھانہ چک بیدی کے علاقہ چک 27 ایس پی بیٹنگ میں سالے نے فائرنگ کرکے بہنوئی ارشد جٹ کو موت کے گھاٹ اتار دیا، مقتول موٹر سائیکل کی مرمت کروانے آیا تھا۔ مقتول نے چند ماہ قبل بھٹی برادی کی لڑکی سے پسند کی شادی کی تھی۔ ورثا کا احتجاج کرتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے، پولیس کی تفتیش جاری۔۔

قدیر خان انچارج سکیورٹی برانچ ناروال کے والد کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

شکرگڑھ (نامہ نگار) حافظ قدیر خان انچارج سکیورٹی برانچ ناروال کے والد گرامی کی وفات پر محکمہ پولیس کے افسران سیاسی سماجی صحافتی شخصیات کی آمد کا سلسلہ جاری تفصیلات کے مطابق حافظ قدیر خان انچارج سکیورٹی برانچ ناروال کے والد چند روز قبل رضائے الٰہی سے وفات پا چکے تھے حافظ قدیر خان کے آبائی گاؤں فتح پور افغاناں میں فاتحہ خوانی کے لئے پولیس افسران سمیت سماجی سیاسی صحافتی شخصیات کی آمد جاری ھے حافظ قدیر خان کے والد محترم نہایت خوش اخلاق باعمل عظیم شخصیت کے مالک تھے ان کے ایصال ثواب کے لئے محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا۔

8 بجے مارکیٹیں بند کرنیکا حکومتی اعلان تشویشناک ہے: ملک ندیم

تاجر کمیونٹی کیساتھ مشاورت کرکے مسائل کے حل کی حکمت عملی مرتب کی جائے

لاہور (کامرس رپورٹر) ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ملک ندیم نے 8 بجے مارکیٹیں بند کرنے کے حکومتی حکمنامے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بازاروں مارکیٹوں میں کاروبار بدترین مشکلات کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں۔ تاجر کمیونٹی کے ساتھ مشاورت کرکے مسائل کے حل کی حکمت عملی مرتب کی جائے۔ مسائل کے طوفانوں سے دوچار ملکی معیشت کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے حکومتی فیصلے پر فی الفور نظر ثانی کرے۔ بازاروں مارکیٹوں اور تجارتی مراکز کو پابندیوں میں جکڑ کر مشکلات میں مزید اضافے کے فیصلے نہ کئے جائیں۔ ملکی وقومی سطح پر تاجر برادری اور کاروباری حالات نہایت عدم استحکام اور مشکل ترین دور سے گزر رہے ہیں حکومت بہتری اور بحرانوں کے خاتمے کیلئے زمینی حقائق کے مطابق پابندیوں کا حکمنامہ منسوخ کرنے کا اعلان کرے۔

فوج کے خلاف پروپیگنڈہ ہرگز برداشت نہیں کریں: محمد شاہد عمران

ہم پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں پاک فوج ہماری شان ہے

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) کی رپورٹ کے مطابق دیپالپور کا نواحی گاؤں 55 ڈی کے لوگ پاک فوج کے حق میں نکل پڑے گاؤں کے لوگ پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگانے لگے ہاتھوں میں پاکستان کے جھنڈے بینر اٹھائے ہوئے تھے جس پر پاک آرمی زندہ باد کے نعرے تھے پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے فوج کے خلاف پروپیگنڈہ ہرگز برداشت نہیں کریں گے میاں ملکے خاں مہار ایڈووکیٹ محمد شاہد عمران جنجوعہ غلام مرتضی بھٹی میڈیا کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج ہماری میری ریڈ لائن ہے پاک فوج ہماری حفاظت کرتی ہے ہم پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں پاک فوج ہماری شان ہے پاک فوج اور ملک کی اہم تنصیبات پر جو حملے کیے گئے ہے ان کی ہم مذمت کرتے ہیں سیاست کو سیاست کی جگہ رکھا جائے پاک فوج ایک منظم ادارہ ہے اس کے خلاف پروپیگنڈا اہم ہرگز برداشت نہیں کریں گے پاک فوج نے لازوال قربانیاں ہرگز فراموش نہیں کر سکتے اگر آج ہم پرامن اور باحفاظت ہے تو یہ پاک فوج کی لازوال قربانیوں کا نتیجہ ہے ہم ہمیشہ بحیثیت شہری پاک فوج کے ساتھ ہیں ہم سوئے ہوتے ہیں ہماری پاک فوج ہاڈروں پر ہماری حفاظت کے لیے کھڑے ہیں پاک فوج نے دہشت گردی کو ختم کیا پاک فوج سیاستدانوں کو دیکھے نہ تو سیاستدان ملک بیچ کر کھا جائیں گے پاک فوج زندہ باد پاکستان پائندہ باد

جرم وسزا

CRIME & COURT

ریڈ کے دوران اشتہاری ملزم کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کی زد میں آکر راہگیر خاتون اور ملزم کا ساتھی زخمی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید بہورو قوت) تھانہ رنگپورہ دوران ریڈ اشہاری ملزم کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کی زد میں آکر راہگیر خاتون اور ملزم کا ساتھی زخمی۔ تھانہ رنگپورہ پولیس نے اقدام قتل و پولیس مقابلہ کے مقدمہ میں مطلوب خطرناک ملزم اشتہاری خیدر علی کی گرفتاری کیلئے اس کے دوست شیخ عنصر کے گھر ریڈ کیا تو ملزم خیدر علی اور شیخ عنصر نے پولیس پارٹی پر آتشیں اسلحہ سے اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ پولیس ٹیم نے دفاعی حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے ملزمان کو ہتھیار پھینک کر گرفتاری دینے کی وارننگ دی تھوڑی دیر بعد فائرنگ رکنے پر چیک کیا تو راہگیر خاتون 50 سالہ کشور سلطانہ ملزم شیخ عنصر اور شیخ عنصر اپنے ہی ساتھی خیدر علی کی فائرنگ کی زد میں آکر زخمی ہو چکے تھے۔ جبکہ ملزم خیدر علی موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ ایس ڈی پی او سٹی سرکل طارق محمود ڈھڈی ایس ایچ او رنگپورہ قیصر گھمن وایس ایچ او تھانہ بکاپورہ بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ہے زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ فرار ہونے والے ملزم کی تلاش و گرفتاری کے لیے پولیس ٹیمیں مصروف عمل ہیں۔ ملک خرم شہزاد پبلک ریلیشن آفیسر کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ محمد حسن اقبال نے فرار ملزم کی جلد گرفتاری یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے ہیں ڈی پی او کا کہنا ہے کہ مقدمہ میں قانون وانصاف کے تقاضوں کو پورا کیا جائے گا۔

ہارون آباد اور گردونواح میں مضر صحت اشیاء کی کھلے عام فروخت جاری

فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران نے انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کو کھلی چھٹی دے دی

ہارون آباد (شہزاد رضا) ہارون آباد اور گردونواح میں مضر صحت اشیاء کی کھلے عام فروخت جاری، فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران نے انسانی جانوں سے کھیلنے پیسوں کی خاطر شہریوں کی جانوں سے کھیلنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی کرنے میں فوڈ اتھارٹی نے مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے، ان مضر صحت اور غیر معیاری اشیاء کے استعمال سے روزانہ درجنوں شہری متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران نے اس حوالے سے مکمل لاتعلقی اختیار کر رکھی ہے جو کہ سوالیہ نشان ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مضر صحت اشیاء کی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ سڑی اور بدبو دار مضر صحت، سبزیوں اور ناقص وغیر معیاری گھی کا استعمال دھڑلے سے کیا جارہا ہے، چند پیسوں کی خاطر شہریوں کی جانوں سے کھیلنے والے ان دکانداروں کے خلاف کارروائی کرنے میں فوڈ اتھارٹی نے مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے، ان مضر صحت اور غیر معیاری اشیاء کے استعمال سے روزانہ درجنوں شہری متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران نے اس حوالے سے مکمل لاتعلقی اختیار کر رکھی ہے جو کہ سوالیہ نشان ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مضر صحت اشیاء کی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

منشیات فروش کتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ پائے گا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) منشیات فروش کتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ پائے گا تمام قانونی تقاضے پورے ہوں گے ڈکیتی چوری کے وارداتوں میں واضح کمی ہوگی جس کے لئے معززین علاقہ تعاون کریں اور مشکوک افراد کی فوری اطلاع کریں لوگوں کی عزت و مال کا تحفظ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر زاہد نواز مروت ایس ڈی پی او سرکل مرید کے ملک طاہر صدیق کی زیر نگرانی ہر حال میں یقینی بنائیں گے میڈیا نمائندگان ہماری معاونت کریں ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر غلام باری کی سٹی پریس کلب کے وفد سے ملاقات میں گفتگو ان کا کہنا تھا دیہاتوں میں پرانی دشمن داریاں ختم کروانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے تاکہ انسانی جانوں کا ضیاع نہ ہو جس کے لئے معززین علاقہ سے مشاورت کریں گے تاکہ علاقہ امن کا گہوارہ بن سکے منشیات فروش کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں ان سے آہنوں ہاتھوں سے نمٹا جائے گا نوجوان نسل کو تباہ کرنے والوں کو قانون کے مطابق نشان عبرت بناؤں گا ڈکیتی چوری کی وارداتوں پر گہری نظر ہے ان شاء اللہ کمی واقع ہوگی شرفاء میری رہنمائی کریں ان کے لئے چوبیس گھنٹے حاضر ہوں۔

مرید کے: ناقص میٹریل کے استعمال نے سرکاری ہسپتال کا کروڑوں روپوں کا بجٹ متعلقہ افسران سے مل کر مبینہ طور پر خورد برد کر دیا

مرید کے (نامہ نگار قوت) مرید کے میں ناقص میٹریل کے استعمال نے سرکاری ہسپتال کا کروڑوں روپوں کا بجٹ متعلقہ افسران سے مل کر مبینہ طور پر خورد برد کر دیا ٹھیکیدار اور افسران کے وارے نیارے شہریوں تاجروں رفاعی وسول سوسائٹی تنظیموں کا ارباب اختیار سے کاروائی کا مطالبہ بتایا جاتا ہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال مرید کے کا ستائیس کروڑ کا فنڈ جو تعمیر ومرمت کیلئے دیا گیا ہسپتال میں کام سے زائد اور ناقص میٹریل میں بنا ریت کے ٹف ٹائل ہسپتال میں لوہے کی کھڑکیوں اور دیگر تعمیر ومرمت میں بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کے ایکسیئن، ایس ڈی او، سروے انجینئر کی ملی بھگت سے ٹھیکیدار نے ناقص کام کر کے تگڑے بل بنوا کر حکومت پنجاب کو لوٹ لیا اور متعلقہ کاموں کا ملبہ بھی اٹھا کر لے گیا وزنی اور معیاری ہسپتال سے لوہے کی کھڑکیاں اتار کر ہلکی اور ناقص گریل لگا دی گئی۔

جلال پور بھٹیاں نواحی گاوں سندھواں تارڑ گھر میں 3 ڈاکوں کی ڈکیتی کی واردات

جلال پور بھٹیاں (روز نامہ قوت رستم علی) جلالپور بھٹیاں/ دوران ڈکیتی ڈاکو ہلاک جلال پور بھٹیاں نواحی گاوں سندھواں تارڑ گھر میں 3 ڈاکوں کی ڈکیتی کی واردات جلال پور بھٹیاں: اہل خانہ کی مزاحمت پر فائرنگ سے 1 ڈاکو ہلاک 1 زخمی 1 فرار، پولیس جلال پور بھٹیاں: مرنے والے ڈاکو نے ایلیٹ فورس کی وردی پہنی تھی جلال پور بھٹیاں زخمی ڈاکو کو ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا، پولیس جلال پور بھٹیاں: پولیس نے موقع پر پہنچ کا قانونی کارروائی شروع کر دی جلال پور بھٹیاں: فرار ہونے والے ڈاکو کی تلاش جاری ہے۔

بغیر لائسنس اور غیر قانونی چلنے والے 5 میڈیکل سٹور سیل کر کے ڈرگز ایکٹ کے تحت کاروائی شروع

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر فریحہ اکرم ملک کی سلھیکی اور ونیکے تارڑ کے علاقوں میں کاروائیاں، بغیر لائسنس اور غیر قانونی چلنے والے 5 میڈیکل سٹور سیل کر کے ڈرگز ایکٹ کے تحت کاروائی شروع کر دی۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عمر فاروق وڑائچ کی ہدایت پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر فریحہ اکرم ملک نے ڈرگ انسپکٹر پنڈی بھٹیاں کے ہمراہ سلھیکی میں غیر قانونی تین میڈیکل سٹور سیل کر دیے جبکہ دوسری کاروائی ونیکے تارڑ کے علاقہ میں کی گئی جہاں پر دو میڈیکل سٹور سیل کر کے انکے مالکان کے خلاف ڈرگ ایکٹ کے تحت کاروائیاں شروع کر دیں۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر فریحہ اکرم ملک کی سلھیکی اور ونیکے تارڑ کے علاقوں میں کاروائیاں ہیں،

بدو ملہی اور گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری

بدو ملہی (نامہ نگار) بدو ملہی اور گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری۔ جس سے کاروباری زندگی کے ساتھ گھریلو نظام شدید متاثر ہو کر رہ جاتا ہے۔ بجلی کی بندش کے دوران نمازیوں کو وضو کے اور پینے کے لیے پانی کی بوند بوند کو ترس گئے۔ جس پر بدو ملہی کے سیاسی، سماجی اور کاروباری حضرات نے واپڈا کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے مسئلے کے حل کا مطالبہ کیا۔

شیخوپورہ کی حدود میں چوری ڈکیتی کی وارادات کا سلسلہ نان سٹاپ جاری

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ اے ڈویژن شیخوپورہ کی حدود میں چوری ڈکیتی کی وارادات کا سلسلہ نان سٹاپ جاری گزشتہ رات انجمن تاجران اسٹیڈیم شاپنگ سنٹر شیخوپورہ کے جنرل سیکرٹری و صحافی محمد احمد کی شاپ پر چوری کی وارادات۔ سی سی ٹی وی کیمرے سے معلوم ہوا کہ چور چھت سے کھڑکی کے راستے دکان میں داخل ہوکر قیمتی لیپ ٹاپ موبائل فون، ایپل واچ، اور ایک لاکھ ستائیس ہزار نقد لے کر رفو چکر ہوگیا۔

تھانہ فقیر والی کی حدود میں ڈکیتیوں کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری

آئے روز ڈکیتی کی وارداتیں، فقیر والی پولیس وارداتوں کو کنٹرول نہ کر سکی

ہارون آباد (شہزاد رضا) تھانہ فقیر والی کی حدود میں ڈکیتیوں کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری، آئے روز ڈکیتی کی وارداتیں، فقیر والی پولیس وارداتوں کو کنٹرول نہ کر سکی، تھانہ فقیر والی کی حدود میں ہیڈ سیون آر روڈ پر نامعلوم ڈاکو شہری سے نقدی اور خاتون سے پرس چھین کر فرار، متاثرین کا قانونی کاروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق ہارون آباد کے نواحی علاقہ ہیڈ سیون آر روڈ پیہ واقع ڈاگو موڑ پر دن دیہاڑے ڈکیتی کی واردات کی گئی، واردات کے دوران نامعلوم ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر اسامہ نامی شخص سے نقدی اور خاتون سے پرس چھین کر فرار ہو گئے، متاثرین نے قانونی کاروائی کے لئے متعلقہ تھانہ فقیر والی پولیس سے رجوع کر لیا ہے۔ اہل علاقہ نے پولیس کے اعلی حکام سے واردتوں پر قابو پانے کیلئے تھانہ فقیر والی میں نئے ایس۔ ایچ۔ او کو تعینات کرنے کا مطالبہ کیا ہے

مرید کے تین ہی راتوں میں ڈاکوؤں نے سرکل مرید کے پولیس کے چھکے چھڑا دیئے

وارداتوں میں دو موٹر سائیکل سوار ڈاکو شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی سامان چھین کر فرار

مرید کے (نامہ نگار قوت) مرید کے تین ہی راتوں میں ڈاکوؤں نے سرکل مرید کے پولیس کے چھکے چھڑا دیئے تھانہ سٹی کا علاقوں ریلوے لائن کے قریب سینئر صحافی اے حمید جہلمی سے ڈاکو موٹر سائیکل نقدی چھین لے گئے جی ٹی روڈ ہو یا اردگرد بازاروں میں ڈاکو جدھر سے گذر گئے لٹنے کی ہو ہکار مچ گئی پولیس صرف مٹر گشت تک محدود وارداتوں میں دو موٹر سائیکل سوار ڈاکو شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی 17 قیمتی موبائل، متعدد موٹر سائیکل چھین کر سرعام فائرنگ کرتے فرار شہریوں کیساتھ پولیس کی بھی ہال دہائی بتایا جاتا ہے کہ تین راتوں میں 12 کیا بجے مرید کے تھانہ سٹی کے علاقہ میں دو موٹر سائیکل سوار ڈاکو شہریوں پر ٹوٹ پڑے جی ٹی روڈ سمیت سڑک کے اردگرد بازاروں اور نہر کنارے جو بھی بدقسمت شہری پیدل ہو یا بائیک پر ڈاکوؤں کے سامنے آیا وہ جمع پونجی گنوا بیٹھا ریلوے لائن کے قریب سینئر صحافی اے حمید جہلمی سے ڈاکو موٹر سائیکل ہزاروں نقدی اور موبائل چھین لے گئے مقامی نامور سیاسی شخصیت شیخ کاشف عرف کاشی اور کارسواروں سمیت لٹنے والے درجنوں شہریوں نے تھانہ سٹی کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے میڈیا کو بتایا کہ ایک ڈیڑھ گھنٹے کی واردات کے دوران ڈاکو تقریبا لاکھوں روپے مالیت کے 17 قیمتی موبائل اور 4/5 لاکھ سے زائد نقدی اور متعدد موٹر سائیکل بھی شہریوں سے چھین کر فائرنگ کرتے فرار ہو گئے۔ سعودیہ سے واپس آئے دو کار سوار لاہور سے اپنی کار پر واپس وزیر آباد جا رہے تھے کہ انہیں دو ڈاکوں نے گن پوائنٹ پر ایک لاکھ نقدی اور دو لاکھ روپے مالیت کے موبائل سے بھی محروم کر دیا کارسواروں نے دلیری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جی ٹی روڈ پر ڈاکوؤں کی موٹر سائیکل کو پیچھے سے ٹکر دے ماری مگر گرتے ہی ڈاکو زخمی ہونے کے باوجود فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے شہریوں نے سرکل مرید کے اور خصوصا سٹی میں اتنی زیادہ ڈکیتی کی وارداتوں پر نئے تعینات ہونے والے ڈی ایس پی کی کمانڈ اور نئے ایس ایچ او کی تعیناتی و کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان ہے مرید کے میں پہلی مرتبہ

''قوت'' کلاسیفائیڈ

Railway Ministry

روزنامہ قوت

Qawwat Daily Newspaper

تمام اشتہارات ٹیکہ نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی دعوے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بے سقم پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

ادارہ 042-3636003

عاق نامہ

میں اپنے پرجنٹیلی تمام صحیح ہوش و حواس سے بغیر کسی دباؤ کے اپنے بیٹے محمد ابوبکر ولد محمد ارشد قوم آرائیں ساکن ایف ایڈوائزر سٹریٹ نمبر 2 ایف ایم ٹاؤن ایف ایریا ڈویژن ۲ کو عاق کرتا ہوں اور آئندہ کے لئے اس سے کسی قسم کا میرا کوئی واسطہ نہیں رہے گا۔ (دستخط) ولد جہانداد خان ساکن ایف ایریا ڈویژن ۲ ۔ (دستخط) ولد محمد اسلم شیخ سکنہ تاوالا تحصیل بھوال ضلع سرگودھا

1	تقریبات	

اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آئندہ کا بجٹ ہی گیم چینجر ہوگا، میرے لیپ ٹاپ ایڈوائزر کی سیٹ خالی ہیں، شیخ رشید اسمبلی میں ہمارے ساتھ بیٹھتے ہیں، ہمیں ان کی ضرورت ہے، پاکستان کو اربوں روپے زائد دینا پڑے گا، یہ فیصلہ ہمارے لیے بہت مشکل تھا، ہم نے بڑی مشکل سے آئی ایف ایف سے معاملات طے کیے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حالیہ سیلاب نے معیشت کو بہت نقصان پہنچایا، وفاقی کے علاوہ دو صوبوں نے اربوں روپے سیلاب متاثرین کے حوالے کیے، حالیہ سیلاب سے تقریباً 30 لاکھ ڈاکٹرز کا متاثر ہونا کافی تشویشناک ہے، ہمارے ڈاکٹرز کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے، انہوں نے کہا کہ ہم نے 74 سال میں بہت سے اتار چڑھاؤ دیکھے ہیں، ہمارے ڈاکٹرز کو بھی بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے، ہمارے ڈاکٹرز کو بہت سے مسائل

سندھ پولیس زیر تربیت ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس کا سی ٹی او دکوہ پہنچ گئے

چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں

ضیاالدین انصاری

وفاقی بجٹ میں عام آدمی کیلئے مایوسی کے سوا کچھ نہیں

آئی ایم ایف کی غلامی میں بنایا گیا بجٹ عوام کو ریلیف دینے کی بجائے مہنگائی کا عذاب بن کر نازل ہوگا عوام کو لالی پاپ دیا گیا، کنفیوژ کیا گیا ہے۔ بجٹ میں اشرافیہ اور بیوروکریسی کو ریلیف دینے کی نوید سنائی گئی جبکہ بیماری اور مزدور طبقے کو کچلنے کی طرح دیوار سے لگانے کا ایک بجٹ ہے جو ہمیں ایک ہاتھ سے دیا گیا اس سے زیادہ دوسرے ہاتھ سے واپس لے لیا گیا ہے۔ بجٹ میں ایک بھی چیز سستی نہیں ہوئی، ہر چیز مہنگی ہوگی، بے روزگاری اور غربت کی شرح میں بھی اضافہ ہوگا، ٹیکس نیٹ بڑھانے کی بجائے ٹیکس دہندگان پر مزید بوجھ ڈالا گیا ہے، ٹیکس چوری کی حوصلہ شکنی کی بجائے حوصلہ افزائی کی گئی ہے، ٹیکس چوروں کو ایمنسٹی دی گئی ہے، ٹیکس چوروں کو ایمنسٹی دینا ناقابل فہم ہے، ٹیکس چوروں کو ایمنسٹی دینا ٹیکس دہندگان کی توہین